

Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14
پیر، 16 اکتوبر 2023ء، 29 ربیع الاول 1445ھ، قیمت 20 روپے
شمارہ 167

اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا، نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی

پاکستان کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، پاکستان 1967 سے قبل کی سرحدیں، القدس الشریف دارالحکومت کیساتھ آزاد فلسطین ریاست چاہتا ہے، ہم فلسطین کو فوری انسانی امداد فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں

اسرائیل تاحال فلسطینیوں تک امداد پہنچانے کی اجازت نہیں دے رہا، اس حوالے سے مصری حکام سے رابطے میں ہیں، اوآئی سی کا خصوصی اجلاس 18 اکتوبر کو جدہ میں ہوگا، نگران وزیر خارجہ

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے نگران وزیراعلیٰ سندھ مقبول باقر ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر خارجہ جلیل عباس جیلانی نے کہا ہے کہ اسرائیل فلسطین کے غریب عوام کی نسل کشی کر رہا ہے، غزہ میں لوگوں کے پاس پانی ہے نہ خوراک ہے، غزہ کے گھیراؤ کی مذمت کرتے ہیں، اسرائیل فلسطین کے بارے میں اقوام متحدہ کی قراردادوں کا احترام کرے، پاکستان کی فلسطین کے حوالے سے پوزیشن ماضی سے پیوستہ ہے، موقف کوئی تبدیلی نہیں آئی، ہم (بقیہ نمبر 1)

آزاد فلسطینی ریاست کی حمایت کرتے رہیں گے، شہباز شریف

صیہونی ریاست عالمی قانون اور انسانیت کی تمام حدیں پامال کرچکی ہے

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے اسرائیل کی جانب سے فلسطینی شہریوں پر ہزاروں ٹن بارود برسانے کی شدید مذمت اور بمباری فوری رکوانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ صیہونی ریاست عالمی قانون اور انسانیت کی تمام حدیں پامال کرچکی ہے۔ اپنے بیان میں شہباز شریف نے اسرائیلی حملوں سے سینکڑوں بچوں سمیت 2 ہزار سے زائد شہادتوں پر رنج وغم اور افسوس کا اظہار (بقیہ نمبر 2)

شادی میں فائرنگ سے 7 سالہ بچہ جاں بحق، چاچا زخمی

اورنگی ٹاؤن تھانے کے علاقے اورنگی ٹاؤن قصبہ کالونی میں شادی کی تقریب فائرنگ سے بچے سمیت 2 افراد شدید زخمی

کراچی (پیپنا نیوز) اورنگی ٹاؤن قصبہ کالونی میں شادی کی تقریب فائرنگ سے 7 سالہ بچہ جاں بحق اور اس کا چاچا زخمی ہوگیا۔ ہفتے کی شب اورنگی ٹاؤن تھانے کیعلاقے اورنگی ٹاؤن قصبہ کالونی میں شادی کی تقریب (بقیہ نمبر 5)

جہاز سے اتار کر پروٹوکول دینے کا کوئی جواز نہیں

نواز شریف سمجھتے ہیں کہ وہ عدالت سے سرخرو ہو کر نکلیں گے تو یہ سہولت دوسروں کو بھی ملنی چاہیے حسن مرتضیٰ

لاہور (آئی آئی پی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ نواز شریف سمجھتے ہیں کہ وہ عدالت سے سرخرو ہو کر نکلیں گے تو یہ سہولت دوسروں کو بھی ملنی چاہیے۔ جہاز سے اتار کر پروٹوکول (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد انڈسٹریل ایسوسی ایشن کے وفد کا چیمبر آف کامرس کا دورہ

صنعتکاری کی بہتر ترقی کیلئے شرح سود کو کم کر کے دس فیصد سے نیچے لایا جائے، فاد وحید

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد انڈسٹریل ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے ایسوسی ایشن کے صدر محمد احمد وحید کی قیادت میں اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور فاد وحید کو چیمبر کا قائم مقام صدر (بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ محسن نقوی سے نگران وزیراعلیٰ سندھ مقبول باقر اور ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک کی ملاقاتیں

کپاس نرخوں میں استحکام ضروری

کپاس کے نرخ میں استحکام کے لئے وفاقی حکومت سے رجوع کرنے کا فیصلہ، ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کے ذریعے کپاس کی خریداری کے لئے وزیراعظم سے باقاعدہ درخواست کی جائے گی

وزرا اعلیٰ میں اتفاق، سندھ اور پنجاب کے کسان کپاس کی فصل سستی بالکل نہ بیچیں، کاشتکاروں کی محنت ضائع نہیں ہونے دیں گے، نگران وزیراعلیٰ محسن نقوی

وزیراعلیٰ محسن نقوی سے نگران وفاقی وزیر ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک کی ملاقات، ربیع اور خریف کی فصلوں کی پیداوار بڑھانے کیلئے اقدامات پر تبادلہ خیال، وفاقی وزیر کی کپاس کی ریکارڈ پیداوار پر مبارکباد

لاہور (آئی آئی پی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے آج پنجاب ہاؤس اسلام آباد میں نگران وزیراعلیٰ سندھ مقبول باقر نے ملاقات کی جس میں کپاس کے نرخ میں استحکام کے لئے ضروری اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ باہمی ملاقات (بقیہ نمبر 9)

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے نگران وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک نے ملاقات کی جس میں (بقیہ نمبر 8)

نگران وزیراعظم پاکستان انوارالحق کاکڑ سے نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی ملاقات کررہے ہیں

انوارالحق کاکڑ سے نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ملاقات

اسلام آباد (پیپنا نیوز) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں دونوں رہنماں میں صوبہ پنجاب (بقیہ نمبر 7)

موٹروے پولیس ایم ٹو نے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی

ڈرائیور نے رکنے کی بجائے رفتار بڑھا کر فرار ہونے کی کوشش کی، تعاقب پر پکڑلیا

لاہور (این این آئی) موٹروے پولیس ایم ٹو نے لاکھوں روپے مالیت کی منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق سیال موڑ کے نزدیک پیٹرولنگ افسران نے مشکوک کار کو رکنے کا اشارہ کیا، ڈرائیور نے رکنے کی بجائے رفتار بڑھا کر فرار ہونے کی کوشش کی، لاہور؛ تعاقب کرنے پر ڈرائیور گاڑی چھوڑ کر فرار ہوگیا۔ ترجمان کے مطابق (بقیہ نمبر 6)

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے اٹلی کے سفیر اینڈریاس فیراویز ملاقات کررہے ہیں

14 ملکی فضائی مشق انڈس شیلڈ 2023 پاک فضائیہ کے ایک آپریشنل ایئربیس پر جاری

مشق میں پائلٹس، گراؤنڈ عملہ اور ائیر ڈیفنس کنٹرولرز سمیت جدید لڑاکا طیاروں نے بھی شرکت کی ہے، ترجمان پاک فضائیہ

یہ فضائی مشق بین الاقوامی تعاون کو تقویت دینے اور ملکی فضائی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی

پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب، قطر، یو اے ای، مصر، عمان، بحرین، آذربائیجان، انڈونیشیا، مراکش، ازبکستان، چین اور ہنگری کی فضائی افواج حصہ لے رہی ہیں

انڈس شیلڈ 2023- شریک فضائی افواج کو نہ صرف اپنی صلاحیتوں اور فضائی برتری کا مظاہرہ پیش کرنے کا پلیٹ فارم مہیا کر رہی ہے ب

INDUS SHIELD
2023
PAKISTAN AIR FORCE

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ کے ایک آپریشنل ایئربیس پر 14 ملکی فضائی مشق، انڈس شیلڈ 2023، اپنی پوری آب وتاب سے جاری ہے۔ یہ اعلیٰ سطحی مشق خطے کی سب سے بڑی فضائی جنگی مشقوں میں سے ایک ہونے کی بدولت (بقیہ نمبر 10)

ایف آئی اے کے 4 افسران اغوا برائے رشوت میں ملوث نکلے

امجد سے رہائی کے لئے 10 کروڑ روپے بطور رشوت مانگی گئی، مقدمہ درج

اسلام آباد (آئی آئی پی) ایف آئی اے کے 4 افسران اغوا برائے رشوت میں ملوث نکلے جس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے کے چاروں افسران کیخلاف اینٹی کرپشن ایف آئی اے لاہور میں مقدمہ (بقیہ نمبر 11)

پاکستان کی مثبت کریڈٹ ریٹنگ کو برقرار رکھنے کیلئے پرعزم ہے

شمشاد اختر کا پاک سعودی اقتصادی مفادات کو آگے بڑھانے کے لیے مل کر کام جاری رکھنے کا عہد

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر برائے خزانہ شمشاد اختر نے کہا ہے کہ حکومت سرمایہ کاروں کے اعتماد کو فروغ دینے اور عالمی مالیاتی منڈیوں میں (بقیہ نمبر 12)

یکم اکتوبر سے ابتک 6 ہزار سے زائد افغان شہریوں کی وطن واپس

اسلام آباد (این این آئی) غیر قانونی طور پر مقیم افغان شہریوں کا بڑے پیمانے پر باب دوستی سے انخلاء مزید تیز ہوگیا، کنٹرول روم کے مطابق یکم اکتوبر سے اب تک 6 ہزار سے زائد افغان شہری وطن واپس جا چکے (بقیہ نمبر 13)

25 اکتوبر کو تمام انتخابی فہرستوں کو منجمد کر دیا جائے گا، الیکشن کمیشن

28 ستمبر سے 25 اکتوبر 2023 تک انتخابی فہرستوں کو غیر منجمد کرنے کے اقدام سے فائدہ اٹھائیں

25 اکتوبر 2023 تک تمام اہل افراد جن کے پاس شناختی کارڈ موجود ہو وہ اپنے ووٹ کا اندراج کرا سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے عوام الناس سے کہا ہے کہ وہ انتخابی فہرستوں میں اپنے ووٹ کے اندراج کو یقینی بنانے کے لئے کمیشن کی طرف سے 28 ستمبر سے 25 اکتوبر 2023 تک انتخابی فہرستوں کو غیر منجمد کرنے کے اقدام سے فائدہ اٹھائیں۔ اتوار کو الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری بیان کے مطابق 25 اکتوبر 2023 تک تمام اہل افراد جن کے پاس شناختی کارڈ (بقیہ نمبر 18)

دین دشمن ہماری نوجوان نسل کو شکوک وشبہات میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں: انیق احمد

صفہ سویٹ ہوم کے زیراہتمام طلبا کے تقریری مقابلوں اور سیرۃ سیمینار سے خطاب

اسلام (نمائندہ عوامی للکار) دین دشمن ہماری نوجوان نسل کو شکوک وشبہات میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں۔ یہ بات وزیر مذہبی امور انیق احمد نے گزشتہ روز راولپنڈی (بقیہ نمبر 19)

وفاقی وزیر مذہبی امور انیق احمد صفہ سویٹ ہوم کے زیراہتمام طلباء کے تقریری مقابلوں اور سیرۃ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

وزیراعظم کا کپاس کی مقرر کردہ قیمت سے کم پر خرید کا نوٹس

نگران وزیراعظم نے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کو نوٹس لینے اور فوری رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی

اسلام آباد (آئی آئی پی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے حکومت کی جانب سے کپاس کی مقرر کردہ قیمت سے کم پر خرید کا نوٹس لے لیا۔ نگران وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے کسانوں کو سپورٹ کرنے کیلئے کپاس کا کم سے کم نرخ مقرر کیا تھا لیکن دیکھا جا رہا ہے کہ بعض جگہ کپاس اس سے بھی کم قیمت پر خریدی جا رہی ہے۔ انوار الحق کاکڑ کا کہنا تھا کہ ملک میں کپاس کی فصل اچھی ہونا خوش آئند ہے لیکن اس کا تمام تر فائدہ کسان تک پہنچنا چاہیے۔ نگران وزیراعظم نے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کو نوٹس لینے اور فوری رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ حکومت کی واضح ہدایت ہے کہ کپاس کی خرید حکومت کی جانب سے طے شدہ قیمت پر ہی ہو تاکہ (بقیہ نمبر 28)

تھانہ نیوٹاؤن پولیس ہولی فیملی ہسپتال سے اغواء ہونے والی بچی والدین کو واپس کررہے ہیں

مسافر کو مرگی کے دورے، بھارتی طیارے کی کراچی میں ایمرجنسی لینڈنگ

کراچی (این این آئی) دوران پرواز مسافر کو مرگی کے دورے پڑنا شروع ہوئے تو بھارتی طیارے کی کراچی ائیرپورٹ پر ایمرجنسی لینڈنگ کی گئی۔ سول ایوی ایشن ذرائع کے مطابق دوران پرواز مسافر کو مرگی کے دورے پڑنا شروع ہوئے جس پر بھارتی طیارے کے پائلٹ نے پاکستانی ائیر ٹریفک کنٹرولر (بقیہ نمبر 20)

نہتے اور محصور فلسطینیوں پر وحشیانہ بمباری جنگی جرائم ہیں

انسانیت پسند عوام بیگناہوں فلسطینیوں کا خون بہنے سے روکنے کیلئے کردار ادا کریں، مریم نواز

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز نے فلسطینیوں سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی برادری سے اپیل ہے کہ فلسطینیوں کا قتل عام رکوائے، دنیا بھر کے انصاف اور انسانیت پسند (بقیہ نمبر 21)

چکلالہ کینٹ بورڈ کے علاقوں میں تجاوزات مافیا کا راج

دھمیال روڈ، ہارلے سٹریٹ، ٹاہلی موری، ڈھیری حسن آباد میں تجاوزات کی بھرمار، ٹریفک جام، پیدل چلنا محال ہوگیا

تجاوزات کیخلاف روزانہ کی بنیاد پر آپریشن کیا جاتا ہے، انفورسمنٹ انسپکٹر فیصل خان، حکام فی الفور نوٹس لیں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کے علاقے 22 نمبر چونگی، دھمیال روڈ، ہارلے سٹریٹ، ٹاہلی موری، ڈھیری حسن آباد سمیت دیگر علاقوں میں تجاوزات کی بھرمار کے باعث نہ صرف ٹریفک جام بلکہ پیدل چلنا محال ہوگیا ہے، ذرائع کے مطابق کینٹ بورڈ چکلالہ کا عملہ جب تجاوزات کے خلاف آپریشن کرتا ہے تو تجاوزات مافیا کو آپریشن بارے آگاہ (بقیہ نمبر 14)

چکلالہ کینٹ کے مختلف علاقوں میں قائم تجاوزات حکام کی توجہ کی منتظر ہیں

ہولی فیملی ہسپتال سے اغواء ہونے والی نومولود بچی چند گھنٹوں میں بازیاب

ملزمان صائمہ اور بابر بہانے سے شیر خوار بچی کو لے گئے اور ہسپتال سے اغواء کیا، پولیس

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر تھانہ نیو ٹاؤن پولیس نے ہولی فیملی ہسپتال سے اغواء ہونے والی ایک دن کی نومولود بچی ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے چند گھنٹوں میں ملزمان کو ٹریس کر کے (بقیہ نمبر 29)

کالعدم تنظیم بی ایل اے عبدالمجید بریگیڈ کا اہم سرغنہ اور ساتھی ہلاک

سکیورٹی فورسز نے کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کے دوران اہم سرغنہ کو ساتھی سمیت ہلاک کردیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) سکیورٹی فورسز نے کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی کے دہشتگردوں کے خلاف انٹیلیجنس بنیاد پر کامیاب آپریشن کرتے ہوئے اہم سرغنہ کو ساتھی سمیت ہلاک کردیا۔ سکیورٹی فورسز نے کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی کے دہشتگردوں کے خلاف انٹیلیجنس بنیاد پر کامیاب آپریشن کیا جس کے دوران بی ایل اے) عبدالحمید بریگیڈ (کا اہم سرغنہ ساتھی سمیت مارا گیا۔ ہلاک دہشت گرد صدام حسین مسلم، گرو اور جبار جیسے ناموں سے بھی جانا جاتا تھا جب کہ اس آپریشن کے دوران اس کے مارے جانے والے ساتھی کی شناخت مقصود کے نام سے ہوئی ہے۔ سکیورٹی فورسز نے ہلاک دہشتگردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور بارودی مواد بھی برآمد کرلیا جب کہ مختلف دہشتگرد گروپوں میں شامل دہشتگردوں کی بڑی تعداد کو ہلاک بھی کیا۔ رپورٹ کے مطابق ہلاک دہشتگردوں کی تعداد بڑھنے (بقیہ نمبر 22)

غیر قانونی غیر ملکی افراد
کے لیے مہلت
دن باقی
15
@GovtofPakistan

سرگودھا، معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا گیا

پولیس تھانہ جھاوریاں مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے تحویل میں لیکر مصروف تفتیش ہے

سرگودھا (این این آئی) سرودھا میں معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا گیا، پولیس نے مقتول کی نعش تحویل میں لیکر تفتیش شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا کے قصبہ جھاوریاں کے گاؤں کدھی کدھی میں نوجوانوں کی آپس میں کسی بات پر معمولی تلخ کلامی ہوئی جس کی رنجش میں تین مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان (بقیہ نمبر 23)

اسٹیبلشمنٹ، بیوروکریسی اور سیاست مغرب کے دباؤ میں ہے، فضل الرحمان

لاہور (پیپنا نیوز) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ، بیوروکریسی اور سیاست مغرب کے دبا میں ہے۔ پشاور میں مفتی محمود کانفرنس سے خطاب میں مولانا فضل (بقیہ نمبر 24)

جنوبی پنجاب میں رنگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز کیخلاف آپریشن جاری

ایک لاکھ 8 ہزار 312 نادہندگان سے ایک ارب 99 کروڑ 5 لاکھ 80 ہزار روپے وصول

ملتان (این این آئی) وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر جنوبی پنجاب میں رنگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز کے خلاف آپریشن جاری ہے، اب تک ریکوری مہم میں ایک لاکھ 8 ہزار 312 نادہندگان سے ایک ارب 99 کروڑ 5 لاکھ 80 ہزار روپے وصول کیے گئے۔ 7 ستمبر کو شروع کی گئی ریکوری مہم میں 14 اکتوبر تک 96 ہزار 490 گھریلو صارفین سے (بقیہ نمبر 25)

پی ٹی آئی کو فلسطین کے حق میں احتجاج کی اجازت بھی نہیں، بیرسٹر محمد علی سیف

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پی ٹی آئی بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کو فلسطین کے حق میں بھی احتجاج کی اجازت نہیں مل رہی۔ محمد علی سیف نے اپنے بیان میں کہا کہ پولیس پی ٹی آئی کارکنان کے گھروں پر بغیر وارنٹ چھاپے مار رہی (بقیہ نمبر 26)

گاڑی میں گیس ڈلواتے ہوئے سلنڈر پھٹ گیا، دو خواتین جاں بحق

پولیس نے مکمل تحقیقات تک پٹرول اسٹیشن کو بند کر دیا ہے، میڈیا رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایف سیون شیل پمپ پر گاڑی میں گیس ڈلواتے ہوئے سلنڈر پھٹ گیا جس کے نتیجے میں دو خواتین جاں بحق اور ایک بچے سمیت (بقیہ نمبر 15)

پیپلز پارٹی 18 اکتوبر سے انتخابی مہم شروع کرے گی، تسنیم قریشی

سرگودھا (این این آئی) پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر تسنیم احمد قریشی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی 18 اکتوبر (بقیہ نمبر 16)

گیس چوروں کے خلاف آپریشن جاری، 199 کنکشن منقطع

گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 199 گیس کنکشن منقطع کردئے گئے

190 انڈر بلنگ کیسز اندراج/پروسیس کئے گئے اور 50 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد

غیر قانونی گیس کنکشن کے خلاف کی گئی کارروائی کا منظر

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 199 گیس کنکشن منقطع کردیے، 190 انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کردیئےگئے۔ گیس چوری میں ملوث افراد پر 50 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کردیے گئے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 17 گھریلو کنکشن، کمپریسر کے استعمال پر 6 کنکشن منقطع کیے گئے۔ بہاولپور میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 06 کنکشن منقطع (بقیہ نمبر 17)

(ن) لیگ کی سابق ایم این اے کے گھر کے پاس فائرنگ

گولیاں لگنے سے دو افراد زخمی، سابق ایم این اے کا بھائی گرفتار

ڈسکہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی سابق ایم این اے کے گھر کے پاس فائرنگ گولیاں لگنے سے دو افراد شدید زخمی ہوگئے، پولیس نے سابق ایم این اے کے بھائی کو گرفتار کر کے حوالات میں بند کردیا۔ پولیس رپورٹ کے مطابق موضع موترہ کا وقاص ہمراہ سمید اپنے دوست حسن عرف موٹا کو آلو مہار چھوڑ کر موٹرسائیکل پر (بقیہ نمبر 30)

آن لائن فراڈ اور دھوکہ دہی میں ملوث ملزم گرفتار

ملزم کے قبضے سے موبائل فون و دیگر شواہد حاصل کر لیے گئے، تفتیش کا آغاز

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل اسلام آباد نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے آن لائن فراڈ اور دھوکہ دہی میں ملوث ملزم گرفتار کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ملزم محمد اسماعیل کو اسلام آباد سے گرفتار کیا گیا، ملزم نے وٹس ایپ پر خود کو شہری کا رشتہ دار ظاہر کیا، ملزم نے شہری سے حادثاتی صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے 5 لاکھ (بقیہ نمبر 31)

21 اکتوبر سے پاکستان میں سیاست کا رنگ اور ماحول بدل جائے گا، رانا ثنا اللہ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثنا اللہ خان نے کہا ہے کہ 21 اکتوبر سے پاکستان میں سیاست کا رنگ اور ماحول بدل جائے گا، 2018 کی ترقی کا دور واپس آ رہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 21 اکتوبر مایوسیوں کے خاتمے اور امید و یقین کے نئے دور کا آغاز ہوگا، 21 اکتوبر کو مینار پاکستان پر (بقیہ نمبر 27)

صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے سابق صدر آزاد کشمیر سردار یعقوب ملاقات کررہے ہیں

ABC Certified MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

فضائی مشقیں عالمی توجہ کا مرکز بن گئیں

پاک فضائیہ کے آپریشنل ایئر بیس پر 14 ملکی فضائی مشق انڈس شیلڈ-2023 میں پاک فضائیہ جدید فضائی جنگی حکمت عملیوں اور شریک ممالک کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دے کر عالمی توجہ کا مرکز بن گئی۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق انڈس شیلڈ خطے کی سب سے بڑی فضائی جنگی مشقوں میں سے ایک ہونے کی بدولت نمایاں حیثیت کی حامل ہیں ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق مشق بین الاقوامی تعاون کو تقویت دینے اور ملک کی فضائی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم سنگ میل ہے۔ ترجمان پاک فضائیہ نے کہا کہ مشق میں دنیا کی صف اول کی فضائی افواج کے پائلٹس، گراؤنڈ عملہ اور ایئر ڈیفنس کنٹرولرز سمیت جدید لڑاکا طیاروں کی شرکت۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق انڈس شیلڈ 14 ممالک کی بہترین فضائی افواج کو اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ پیش کرنے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق فضائی مشق میں پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات، مصر، عمان، بحرین، آذربائیجان، انڈونیشیا، مراکش، ازبکستان، چین اور ہنگری کی فضائی افواج نے شرکت کی۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق مشق کے ذریعے تکنیکی ترقی، جدت کے فروغ، فضائی جنگ کی حکمت عملیوں کو جانچنے اور عصر حاضر کے فضائی دفاعی چیلنجوں سے نمٹنے میں پاک فضائیہ کے اہم کردار کی توثیق کی۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق انڈس شیلڈ مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے شریک ممالک کے باہمی شراکت داری کے عزم کا ثبوت ہے۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق فضائی مشق شریک ممالک کو درپیش مشترکہ خطرات کے پیش نظر فضائی جنگ کے نئے ابھرتے ہوئے محرکات کا احاطہ کرے گی۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق مشق انڈس شیلڈ کے باعث بین الاقوامی برادری کی توجہ پاکستان کی جانب مبذول کروائی گئی۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق مشق انڈس شیلڈ - 2023 شریک ممالک کی فضائی افواج کے مابین فضائی دفاع کے دائرہ کار میں افہام و تفہیم اور تعاون کو مستحکم کرنے کا بہترین موقع فراہم کر رہی ہے۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق مشق مشترکہ چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے شریک فضائی افواج کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دے گی۔ ترجمان پاک فضائیہ کے مطابق انڈس شیلڈ پاک فضائیہ کی جانب سے پاکستان کی فضائی حدود کے تحفظ کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

مسئلہ فلسطین اور اسلامی ممالک کی غلامانہ خارجہ پالیسی

خدنگ

شاہ محمد اعوان

awanlegal@gmail.com

مسئلہ فلسطین اور کشمیر کو کم و بیش پچھتر سال سے زائد کا عرصہ بیت چکا۔ ان دونوں علاقوں پر قبضہ اور غیروں کی آبادکاری کے حوالہ سے کافی یکسانیت پائی جاتی ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ کشمیر میں مسلمان آباد ہیں اور یہاں ہندوؤں کو آباد کر کے مسلمانوں کی آبادی کا تناسب کم کیا جا رہا جبکہ فلسطین میں آباد مسلمانوں کی نسل کشی کر کے یہودیوں کو آباد کیا گیا اور فلسطینیوں کو ان کے اپنے علاقوں سے محروم کر دیا گیا۔ ان دونوں مسائل کے حوالہ سے مسلمان ملکوں کی نسبت مغربی غیر مسلم ملکوں کی پالیسی بڑی واضح ہے۔ امریکہ ، برطانیہ ، فرانس وغیرہ ڈنکے کی چوٹ پر اسرائیل اور بھارت کے ساتھ نہ صرف کھڑے ہوتے ہیں بلکہ ہر طرح کی امداد میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے۔ صرف فلسطین اور کشمیر ہی نہیں بلکہ دنیا کے کسی کونے میں بھی مسلمانوں کے خلاف مغرب ایک پیج پر ہے۔ دوسری جانب اسلامی ممالک بالخصوص سعودی عرب ، متحدہ عرب امارات اور مراکش اسرائیل کو تسلیم کرنے کے بعد بہت سی امیدیں لگا کر بیٹھے تھے۔ وسط ایشیائی ریاستوں میں آذربائیجان اسرائیل کی چاپلوسی میں سرفہرست ہے۔ مصر کی طرف سے غزہ کی ناکہ بندی بہت سے حوالوں سے سوالیہ نشان ہے ۔ حالیہ کشیدگی کے دوران ایک موقع پر مصر کی جانب سے غزہ کی واحد رافع کراسنگ بند کر دی گئی جو بعد میں کھولی گئی۔ تازہ ترین صورتحال انتہائی خوفناک ہے اسرائیل نے بحری، بری اور ہوائی حملے کے لئے فوج تیار کر لی ہے اور کسی بھی وقت بڑا حملہ ہوسکتا ہے۔ شام کے دوائیر پورٹس پر حملہ کیا گیا ہے اور یہ جنگ اب غزہ اور اسرائیل سے نکل کر مشرق وسطیٰ کے باقی ممالک کو اپنی لپیٹ میں لے رہی ہے۔

ایک ایسے وقت میں جب امریکہ اسرائیل اور سعودی عرب میں سفارتی تعلقات کو فروغ دینے کے لئے کوشاں تھا غزہ سے حماس کے ایک ہزار سے زائد سرفروش پیراگلائیڈنگ ، موٹر سائیکلوں اور پیدل اسرائیل میں داخل ہوتے ہیں۔ اس اسرائیل میں جس کی ٹیکنالوجی، زراعت، سافٹ ویئر اور خفیہ تنظیموں سے مسلمان ملک مرعوب ہوکر اسے تسلیم کرنے کے لئے بے تاب ہیں۔ اتنے بڑے پیمانے پر حماس مجاہدین کا اسرائیلی بارڈر سے متصل حفاظتی حصار توڑ کر اسرائیل میں داخل ہوکر ایک ڈیزرٹ فیسٹیول پر حملہ کرنا اور پھر اسرائیلی کے ان شہروں جو دراصل فلسطینیوں کے ہیں ان میں گلی کوچوں اور فوجی اڈوں پر لڑائی میں ہزاروں اسرائیلی یہودیوں کو واصل جہنم کیا۔ سو سے زائد کو یرغمال بنایا اور بعض شہادت نوش کر گئے اور باقی غازیان برسرپیکار ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مغرب کا حمایت یافتہ بدمعاش اسرائیل جنگی طاقت میں حماس سے کہیں زیادہ طاقتور ہے مگر یہاں معاملہ طاقت ایمانی کا ہے جس کے حوالہ سے حالیہ کاروائی تاریخ میں یاد رکھی جائے گی۔

حماس کی جانب سے اسرائیل کو دنیا بھر میں جس شرمندگی اور ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا اس کا بڑا ردعمل یقینی تھا اور اسرائیل نے غزہ پر بڑی کاروائی شروع کی۔ ان سطور کے تحریر ہونے تک فلسطین میں ڈھائی ہزار سے زائد خواتین، بچے اور عام شہری شہید ہو چکے تھے۔ یہ تعداد شاید اصل سے کہیں کم ہے کیوں کہ غزہ میں بڑی بڑی عمارتیں اسرائیلی گولہ باری سے مسمار ہوچکیں نہ جانے کتنی لاشیں اس ملبہ میں ہوں گی۔ بجلی پانی اور خوراک کے ساتھ ساتھ انٹرنیٹ وغیرہ کی بندش سے غزہ پر بڑی آزمائش کا وقت ہے۔ ہسپتالوں میں ایندھن کی کمی سے جنریٹر نہ چلنے کے باعث طبی سہولیات کا فقدان یقینی ہے۔ ترکی کی جانب سے امدادی سامان مصر کی سرحد رافع کراسنگ سے بھیجنے کی کوشش ہو رہی ہے۔ اس کے علاوہ ایران نے کھل کر حماس کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ لبنان سے حزب اللہ بھی حماس کی حمایت میں سامنے آئی ہے۔ سعودی عرب نے مذاکرات کی حد تک اسرائیل سے قطع تعلق ضرور کیا ہے مگر جو توانا آواز اسلامی دنیا سے اٹھنی چاہیے تھی وہ ابھی تک نظر نہیں آرہی۔ پاکستان، ترکی اور تیونس کی جانب سے اسرائیلی بربریت کی مذمت کی گئی ہے۔ اسلامی ممالک میں عوامی سطح پر بھرپور غم و غصہ دیکھنے کو ملا ہے اور جمعہ کے روز بڑے پیمانے پر احتجاجی مظاہرے دیکھنے کو ملے۔ البتہ پانچ درجن اسلامی ملکوں کے حکمرانوں کا جو ردعمل آنا چاہیے تھا وہ نہ آسکا۔ اس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اسلامی ممالک کی خارجہ پالیسی کتنی خود مختار ہے۔ نجم الدین اربکان نے کیا خوب بات کی

"ڈیڑھ ارب ہو کر بھی ابابیلوں کے منتظر مسلمان کہ وہ آئیں اور اسی لاکھ اسرائیلیوں سے ہماری جان چھڑائیں ۔ بخدا آج اگر ابابیل آئیں تو وہ اپنے کنکر یہودیوں کو نہیں، مسلمانوں کو ماریں!"۔

دراصل اسلامی ملکوں کی خارجہ پالیسی مغرب کے طابع ہے۔ معاشی مسائل میں گھرے اسلامی ملک ہر حوالہ سے مغرب کی غلامی میں جکڑے ہوئے ہیں۔ معاشی طور پر بھارت نے اپنی اہمیت اور مغرب کی چاپلوسی کی بدولت اپنی اہمیت منوانے میں کسی حد تک ضرور کامیابی حاصل کی ہے یہی وجہ ہے کہ مسئلہ کشمیر پر بھی اسلامی ملکوں کی رائے تقسیم نظر آتی ہے۔ پاکستان دنیا میں شاید واحد ملک ہے جو پچھتر سال سے بھارت کے ساتھ مسئلہ کشمیر، جوناگڑھ اور مناودر کے حوالہ سے مقابلہ کر رہا ہے۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ کے آخری الفاظ سے لیکر آج تک پاکستان فلسطین کے ساتھ کھڑا ہے اور ان شاء اللہ کھڑا رہے گا۔ بدقسمتی سے حالیہ سیاسی و معاشی بحران اور افغان مہاجرین کی واپسی کے معاملہ میں پاکستان اندرونی مسائل میں اس حد تک الجھ چکا ہے کہ ہماری خارجہ پالیسی بھی متاثر ہوئی ہے۔

مسئلہ فلسطین کے حوالہ سے پاکستان کا موقف بڑا واضح ہے اور پاکستان اپنا بھرپور کردار ادا کرتا رہے گا۔ کیونکہ سیاسی حکومتوں کے آنے جانے سے مسئلہ کشمیر اور فلسطین پر پاکستان کا موقف وہی ہے جو قائداعظم محمد علی جناح نے جاں جاں آفرین کے حوالہ کرتے ہوئے کہا تھا۔ بقول محترمہ فاطمہ جناح، آخری وقت قائداعظم محمد علی جناح کے لبوں پر مہاجرین، کشمیر اور فلسطین کے الفاظ تھے جس کے بعد انہوں نے کلمہ پڑھا اور اپنے رب کے حضور پیش ہو گئے۔ پاکستان کے ہر غیرت مند شہری کا بھی فلسطین کے حوالہ سے موقف واضح ہے۔

روس اور چین مغربی بلاک کے سامنے اپنی افادیت قائم رکھنے کے لئے قدم جما رہے ہیں اسلامی ملک ون بیلٹ ون روڈ کی آڑ میں چین کی جانب جھکاؤ رکھتے ہیں مگر چین کی ترجیحات میں اپنی معاشی پالیسیاں اور عالمی منڈیوں تک محفوظ رسائی ہے۔ اس وقت یہ بات کوئی ڈھکی چھپی نہیں کہ مسئلہ فلسطین ہو یا کشمیر اس سے نظریں پھیرنے سے عالمی سطح پر امن ممکن نہیں ہے۔ مسجد اقصیٰ تمام مسلمانوں کیلئے انتہائی اہم ہے۔ قبلہ اول کی حفاظت کے لئے تمام اسلامی ممالک کو ایک پیج پر آنا ہوگا۔ او آئی سی کے پلیٹ فارم سے اسرائیل اور اس کے سہولت کاروں کو دنیا میں تنہا کرنا ہوں گا۔ اگر اسلامی ممالک نے اپنی غلامانہ خارجہ پالیسی پر نظرثانی نہ کی تو ایک کے بعد ایک ملک کا فلسطین بننا بعید از قیاس نہیں۔

پاک چین دوستی زندہ باد: مزید 15 نئے منصوبوں کی منظوری

رحمت عزیز خان چترالی

(ورلڈ ریکارڈ ہولڈر)

پاکستان چین اقتصادی راہداری (سی پیک) عالمی اقتصادی عدم استحکام کے درمیان پاکستان اور چین کے لیے ایک امید کی کرن بنی ہوئی ہے۔ 2013 میں اپنے قیام کے بعد سے سی پیک معاہدے نے سکیورٹی خدشات، سیاسی عدم استحکام اور کوویڈ 19- کی وبا سمیت متعدد چیلنجوں کے باوجود پاکستان اور چین کے درمیان دوطرفہ تعاون کے ایک بے مثال پروجیکٹ کے طور پر ہمارے سامنے ہے۔ چین کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کا حصہ بننے والے اس پراجیکٹ کا مقصد پاکستان میں گوادر پورٹ کو ہائی ویز، ریلوے اور پائپ لائنوں کے نیٹ ورک کے ذریعے چین کے شمال مغربی علاقے سنکیانگ سے جوڑنا ہے۔ کہا جارہا ہے کہ سنکیانگ کے تاشقرغن میں سریقولی لوگ چترال میں بولی جانے والی زبان کھوار بولتے ہیں ان نئے پروجیکٹ میں سنکیانگ اور پاکستان کے درمیان ترجمان اور گائیڈ کے طور پر چترال، مٹلتان کالام اور گلگت بلتستان کے ضلع غذر میں بولی جانے والی زبان کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو بھی موقع دیا جائے تاکہ وہ گائیڈ کے طور پر سی پیک پروجیکٹس میں شامل ہوکر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

اخباری اطلاعات کے مطابق پاکستان اور چین کے درمیان رواں ہفتے بیجنگ میں 15 سے زائد نئے ترقیاتی منصوبوں پر دستخط ہونے والے ہیں، جو سی پیک شراکت داری کے لیے دونوں دوست ممالک کے درمیان گہرے عزم کی نشاندہی کرتے ہیں۔ یہ منصوبے مختلف شعبوں پر محیط ہونگے، جو علاقائی ترقی کے لیے کافی مفید ہونے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کی ترقی میں اہم کردار ادا کریں گے۔ اس سلسلے میں کچھ قابل ذکر اقدامات میں شامل ہیں:

ان منصوبوں میں ML1 منصوبے کے تحت کراچی سے پشاور تک پاکستان کی 1,733 کلومیٹر ریلوے لائن کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔ یہ پروجیکٹ نہ صرف بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنائے گی بلکہ ٹرین کی رفتار کو 160 کلومیٹر فی گھنٹہ تک بڑھا دے گی، جس سے رابطے اور نقل و حمل کی کارکردگی میں نمایاں بہتری آئے گی۔

اس پروجیکٹ میں گیارہ مزید اسکیمیں شامل ہونگی جو بنیادی ڈھانچے کی ترقی پر توجہ مرکوز کریں گی اور بہتر رابطے اور زیادہ مضبوط نقل و حمل کے نیٹ ورک میں اہم کردار ادا کریں گے ۔ یہ اقدامات لاجسٹک اخراجات میں کمی اور تجارت کو آسان بنا کر اقتصادی ترقی کو فروغ دیں گے۔

توانائی کے کئی نئے منصوبے پروجیکٹ کا حصہ ہیں، جو پاکستان کی توانائی کے استحکام میں معاون ثابت ہوں گے۔ ان میں سولر اور ونڈ پاور پراجیکٹس شامل ہیں جو ملک کے توانائی کے بحران کو دور کرنے میں مدد فراہم کریں گے۔

اس منصوبے میں موجودہ چار صنعتی زونز کو وسعت دی جائے گی اور دونوں ممالک کے درمیان مینوفیکچرنگ، تجارت اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینے کا منصوبہ عمل میں لایا جائے گا۔ اس سے دونوں ممالک میں معاشی ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

زراعت کے شعبے میں تعاون بڑھانے سے نہ صرف غذائی تحفظ میں بہتری آئے گی بلکہ دیہی معیشتوں اور معاش کو بھی فروغ ملے گا۔ اس میں ٹیکنالوجی کی منتقلی اور زرعی انفراسٹرکچر کی ترقی شامل ہے۔

سائنس اور ٹیکنالوجی میں مشترکہ کوششیں جدت اور علم کے اشتراک کا باعث بنیں گی۔ اس تعاون سے پاکستان کو عالمی ترقی کے ساتھ ہم آہنگ رہنے میں مدد ملے گی۔

آئی ٹی کے شعبے میں سرمایہ کاری ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو فروغ دے گی، تکنیکی ترقی اور ای کامرس کو فروغ دے گی، بالآخر اقتصادی ترقی کو آگے بڑھائے گی۔

چترال، کالاش اور شمالی علاقہ جات کے پہاڑوں سے قیمتی معدنیات اور وسائل کو نکالنا اور ان کا انتظام باہمی اقتصادی فائدے کا باعث بنے گا۔ یہ ایک اور پراجیکٹ ہے جہاں پاکستان اور چین اس منصوبے پر کام کریں گے۔

امریکہ اور بھارت کی مخالفت کے باوجود سی پیک منصوبہ کامیابی سے آگے بڑھ رہا ہے ۔ اس اقدام کی مؤثریت، جیسا کہ 32 بلین ڈالر کی چینی سرمایہ کاری کے ساتھ 31 منصوبوں کی تکمیل میں دیکھا گیا ہے اس کی کامیابی کا ثبوت ہے۔ چین اور پاکستان کے درمیان تجارتی راستوں اور اقتصادی زونز کے ایک جامع نیٹ ورک کی تشکیل اقتصادی ترقی اور تعاون کو فروغ دینے میں سی پیک کی اہمیت کو واضح کرتی ہے۔

سی پیک دونوں ممالک کے لیے نہ صرف بہت بڑا ترقیاتی پروگرام ہے بلکہ یہ پاکستان اور چین کی معاشی خوشحالی کے لیے لائف لائن بھی ہے۔ یہ پاکستان کے لیے اقتصادی چیلنجوں پر قابو پانے اور ایک مسلسل ابھرتی ہوئی عالمی معیشت میں پنپنے کی بے پناہ صلاحیت فراہم کرے گا۔ جس سے مشرق اور مغرب کے درمیان وسیع تر اقتصادی تعاون کو فروغ ملے گا۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ سی پیک کے فریم ورک کے اندر 15 نئے منصوبوں کو شامل کرنا ایک اہم اقدام ہے جو دونوں ممالک کے معاشی چیلنجوں پر قابو پانے کے لیے چین اور پاکستان کے عزم کا اظہار بھی ہے۔

عوامی للکار Daily Awami Lalkaar

اشاعت خاص

معصوم فلسطینیوں کا قتل عام 57 اسلامی ممالک کی ناکامی

مسلمان نا اتفاقی اور آپسی لڑائیوں کی وجہ سے بہت کمزور ہوچکے ہیں ایک خدا ایک رسول اور ایک کتاب پر یقین رکھنے والا مسلمان آج تفرقوں میں بٹ گیا ہے

تحریر: اعجاز علی ساغر اسلام آباد

کہتے ہیں کہ کسی پر اتنا ظلم نہ کریں کہ وہ تنگ آکر ہتھیار اٹھالے مصیبتیں اور دکھ انسان کو بہادر بنادیتی ہیں جبکہ خوشیاں اور آسائشیں ملنے پر انسان بزدل بن جاتا ہے ویسے تو دنیا کا کوئی خطہ ایسا نہیں ہے جہاں مسلمانوں کو مکمل طور پر جینے کی آزادی ہو یعنی وہ بے فکری کی زندگی جی رہے ہوں آٹھ ساڑھے آٹھ ارب کی آبادی میں ڈیڑھ ارب سے زائد مسلمان نا اتفاقی اور آپسی لڑائیوں کی وجہ سے بہت کمزور ہوچکے ہیں ایک خدا ایک رسول اور ایک کتاب پر یقین رکھنے والا مسلمان آج تفرقوں میں بٹ گیا ہے جسکی وجہ سے دن بدن کمزور سے کمزور تر ہوتا جارہا ہے ان مسلمانوں کو غیر مسلموں نے آپس میں اس قدر الجھایا ہوا ہے کہ انہیں خبر ہی نہیں ہے کہ ان کے دشمن انہی کے ہاتھ سے ان کے مسلمان بھائیوں کو مروا رہے ہیں آج عراق ایران، شام اور سعودیہ سمیت بشمول پاکستان کے سب بٹے ہوئے ہیں جسکی وجہ سے دنیا بھر کے غیر مسلم ان پر ظلم کے پہاڑ توڑ رہے ہیں۔ سالہا سال سے اسرائیل کی وحشیانہ کاروائیوں سے تنگ فلسطینی عسکری جنگجوؤں نے طویل اور صبر آزما وقت کے بعد اسرائیل کی یہودی بستیوں میں گھس کر ان پر حملہ کردیا عسکری جنگجوؤں پر مشتمل حماس گروپ نیا سرائیل پر پانچ ہزار سے زائد میزائل داغ دیے یہ اسرائیل کے ظلم وستم کا وہ زوردار جواب تھا جس پر دفاعی لحاظ سے ناقابل تسخیر سمجھا جانیوالا اسرائیل سنبھل نہ سکا جسکی وجہ سے اس بھاری جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا۔ حماس فلسطینیوں پر مشتمل وہ گروپ ہے جو اسرائیل کے مظالم کو ختم کرنے کیلئے وجود میں آیا اس گروپ نے ماضی میں اسرائیل کو بہت نقصان پہنچایا لیکن موجودہ حملہ اسرائیل کی تاریخ کا سب سے بڑا حملہ تھا جس پر امریکی، برطانوی اور فرانسیسی آشیرباد کے بعد

دشمن کی بزدل فوج ہمارے بہادروں کا مقابلہ کرنے سے قاصر تھی، چنانچہ اس نے قتل عام کرنے کا سہارا لیا۔ بچوں اور خواتین اور عام شہریوں کو وحشیانہ بمباری میں قتل کیا جارہا ہے۔ اسماعیل ہنیہ، سربراہ حماس

فلسطین میں تباہی مچادی اسرائیلی فضائیہ نے فلسطین کا نقشہ ہی الٹ پلٹ کردیا اسرائیلی فوج نے حماس کے حملے کا غصہ عام اور نہتے فلسطینیوں پر نکالتے ہوئے غزہ شہر کو تہس نہس کر کے رکھ دیا اس نے فلسطینیوں کا پانی، خوراک اور بجلی سمیت تمام سیٹلائٹ نظام بند کردیا اور بیس لاکھ مظلوم اور نہتے فلسطینیوں پر زندگی تنگ کرکے رکھ دی اب تک اسرائیل غزہ پر 6000 سے زائد میزائل حملے کرچکا ہے جس میں پانچ ہزار سے زائد مظلوم فلسطینی شہید ہوچکے ہیں جبکہ ہزاروں زخمی ہیں ایک محتاط اندازے کے مطابق بارہ سو سے پندرہ سو کے درمیان بچے اسرائیل کی وحشیانہ کاروائیوں کا نشانہ بن چکے ہیں ایک ہزار سے زائد خواتین بھی اسرائیلی بمباری کا نشانہ بن چکی ہیں انسانی حقوق کے علمبردار کہاں مر گئے ہیں اقوام متحدہ کو کیوں سانپ سونگھ گیا ہے انسانی حقوق کی تنظیمیں کہاں ہیں کیا یہ کھلی دہشت گردی نہیں ہے کیا صرف مسلمان ہی دہشت گرد ہے ہولو کاسٹ کا ڈرامہ رچانے والی یہودی قوم کو زندہ لاشیں نظر کیوں نہیں آرہیں؟ غیروں سے توقع رکھنا بیوقوفی ہے جب اپنے ہی خاموش ہیں اس کھلم کھلا دہشت گردی کیخلاف اگر کوئی میدان میں آیا ہے تو وہ ہے ایران، جس نے کھل کر مظلوم فلسطینیوں کی حمایت کا اعلان کیا ہے بلکہ شام اور لبنان کو بھی اپنے ساتھ کھڑا کرلیا ہے جسکی وجہ سے اسرائیلی دہشت گرد فوج نے لبنان پر بھی بمباری کی ہے ان تین ممالک کے علاوہ باقی 54 اسلامی ممالک بس دل میں اسرائیل کو برا بھلا کہہ رہے ہیں عملی طور تا حال کوئی اقدام نہیں اٹھایا گیا۔ ہم مسلمان اپنے زوال کے عروج پر ہیں ہمارے سامنے ہمارے معصوم بچوں کو ذبح کیا جارہا ہے اور ہم اس وجہ سے خاموش ہیں کہ کہیں امریکہ بادشاہ ناراض ہوکر امداد ہی بند نہ کردے۔ ان کے 1500 یہودی مرے ہیں تو وہ سب اکٹھے ہوگئے ہیں امریکہ نے بحری بیڑہ اسرائیل بھیج دیا ہے برطانیہ اور فرانس سمیت تمام یورپی ممالک کھل کر اسرائیل کی حمایت کا اعلان کردیا ہے لیکن ہمارے سامنے ہزاروں لاشیں پڑی ہیں اور ہم کھل کر مذمت بھی کرنے سے قاصر ہیں اردن اور مصر نے اپنی سرحدیں فلسطینیوں کیلئے بند کردی ہیں سعودی عرب، قطر، یو اے ای، پاکستان، ترکی سمیت تمام ممالک خاموش ہیں سوائے ایران، شام اور لبنان کے۔ اسرائیل میں ستر لاکھ جبکہ پوری دنیا میں کم و بیش ایک کروڑ یہودیوں نے پوری دنیا کو گھنگی کا ناچ نچایا ہوا ہے گریٹر اسرائیل کا منصوبہ تکمیل کے بالکل قریب ہے آدھے سے زیادہ ممالک اسرائیل کو تسلیم کرچکے ہیں جو تھوڑے بہت رہتے ہیں وہ بھی جلد کرلیں گے اسرائیل نے غزہ میں فاسفورس بموں کا استعمال شروع کردیا ہے جس سے مزید تباہی مچے گی وہ عالمی صحافیوں کو بھی نہیں چھوڑ رہا انہیں بھی نشانہ بنارہا ہے اب تک ہاف درجن صحافی اس خونریزی میں مارے جاچکے ہیں۔ فلسطینی عالم اسلام سے اپیل کررہے ہیں کہ خدارا ہماری مدد کو پہنچو مسلم ممالک کی سب سے بڑی تنظیم او آئی سی کی جانب سے مذمتی بیان تو آچکا ہے لیکن عملی طور پر کوئی اقدام نہیں اٹھایا گیا دراصل عرب ریاستیں اسرائیل اور امریکہ کی پٹھو ہیں یہ خود کچھ کریں گی نہ کسی دوسرے اسلامی ملک کو کرنے دیں گی لیکن یہ دنیا ایک تجربہ گاہ ہے آج مظلوم فلسطینیوں پر ظلم ہورہا ہے کل ان عیاش ریاستوں کا نمبر بھی آئے گا ان معصوم بچوں کی آہیں عرش تک جائیں گی اور ہر ظالم رب کی پکڑ میں آئے گا اے مسلمانوں کل اپنے نبی صلیٰ؟ علیہ وآلہ وسلم کو کیا منہ دکھاؤ گے خدارا جاگ جاؤ اور متحد ہوجاؤ تمہارا دشمن بہت چالاک ہے وہ تم کو اکٹھا نہیں مار سکتا وہ تمہیں الگ کر کر کے ہی مارے گا خدارا جاگ جاؤ۔ پاکستان نے اسرائیل، فلسطین پر صرف پالیسی بیان پر ہی اکتفا کیا ہے ہم واحد اسلامی ایٹمی ریاست ہیں ہمیں فرنٹ فٹ پر آنا ہوگا کیونکہ پاکستان کے ایٹمی ملک بننے پر سب سے زیادہ جشن فلسطین میں منایا گیا تھا ہمیں کشکول توڑ کر اسلامی دنیا کو لیڈ کرنا ہوگا۔ چین اور روس سمیت دنیا کے باقی ممالک کو اسرائیل کے ان اقدامات کو روکنا ہوگا ورنہ خطے میں تیسری عالمی جنگ کا خطرہ پیدا ہوجائے گا اور اگر یہ جنگ چھڑی تو بہت بڑی تباہی ہوگی آدھی دنیا صفحہ ہستی سے مٹ جائے گی۔ اقوام متحدہ، امریکہ، چین اور روس سمیت تمام بڑے ممالک اس جنگ کو مزید پھیلنے سے روکیں اور فی الفور جنگ بندی کا مطالبہ کریں تاکہ دنیا ایک بڑی تباہی سے بچ سکے۔ مسلمانوں کے پاس یہ آخری موقع ہے متحد ہوجائیں ورنہ فلسطین کے بعد اگلی باری آپ کی بھی ہوسکتی ہے خدارا ہوش کے ناخن لیں اور تمام مسلم ممالک مل کر دنیا کی ناجائز ریاست اسرائیل کو شکست فاش دیں۔ رب کریم سے دعا ہے کہ وہ تمام مسلمانوں کی حفاظت فرمائے اور انہیں آپس میں متحد ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

فلسطینی بچے اپنے ہاتھوں پر اپنے نام لکھ رہے ہیں تاکہ اسرائیل کی جانب سے کسی بھی ممکنہ حملے کے بعد ان کی لاشوں کو پہچانا جاسکے

رائٹرز سے وابستہ صحافی عصام عبداللہ جنہیں ان کی گاڑی میں نشانہ بنا کر شہید کیا گیا

آزادی اظہار رائے کہاں ہیں؟ صحافتی حقوق کی تنظیمیں کہاں غائب ہیں

بقیہ 1

فلسطین کو فوری انسانی امداد فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں، اسرائیل تا حال فلسطینیوں تک امداد پہنچانے کی اجازت نہیں دے رہا، اس حوالے سے مصری حکام سے رابطے میں ہیں، او آئی سی کا خصوصی اجلاس 18 اکتوبر کو جدہ میں ہوگا جس میں بحیثیت وزیر خارجہ پاکستان شرکت کروں گا، سی پیک کو سلو ڈاؤن نہیں کیا جائیگا، نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ چینی صدر کی دعوت پر دورہ کر رہے ہیں، ملاقات میں چینی قیادت سے باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال ہوگا، گرین انرجی، سپیس ٹیکنالوجی، زرعی شعبوں سے متعلق مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کئے جائیں گے، پاکستان اور چین کے مابین مضبوط دوطرفہ تعلقات ہیں، دورہ سے پاکستان اور چین کے باہمی تعاون کو فروغ حاصل ہوگا، نگران وزیراعظم چینی صدر وزیراعظم اور اہم رہنماؤں کے علاوہ فورم میں شریک عالمی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے، چینی سرمایہ کاروں اور کارپوریشنز کے سربراہان سے ملاقاتیں بھی پروگرام کا حصہ ہیں، نگران وزیراعظم شنجیانگ خودمختار علاقہ کا بھی دورہ کرینگے اور شنجیانگ کی تاریخی مسجد میں نماز جمعہ ادا کریں گے۔ نگران وزیر خارجہ نے اتوار کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ چینی صدر شی جن پنگ کی دعوت پر تیسرے بی آر ایف فورم میں شرکت کیلئے 17 اور 18 اکتوبر کو چین کا دورہ کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایف بڑا اہم فورم ہے جس سے نگران وزیراعظم خطاب کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ فورم کا موضوع "کنیکٹیویٹی ان اے گلوبل اوپن اکانومی" منتخب کیا گیا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ وزیر اعظم اس موقع پر چینی صدر شی جن پنگ، چینی وزیراعظم اور اہم چینی قیادت سے بھی ملاقاتیں کرینگے۔ نہوں نے بتایا کہ وزیراعظم انوار الحق فورم میں شرکت کرنے والے اہم عالمی رہنماؤں اور بزنس لیڈرز سے بھی ملاقات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم فورم میں شرکت کے موقع پر بڑے چینی اداروں، بزنس کارپوریشنز کے رہنماؤں سے ملاقاتوں میں پاکستان میں مشترکہ منصوبوں کے حوالہ سے بھی تبادلہ خیال کریں گے، اس موقع پر متعدد ایم او یوز پر بھی دستخط کئے جائیں گے، جن میں زرعی شعبہ، صحت، صنعتی شعبہ میں تعاون کے علاوہ گرین انرجی، سپیس ٹیکنالوجی کے شعبوں میں بھی باہمی تعاون کے فروغ کیلئے مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط شامل ہیں۔ جلیل عباس جیلانی نے کہا کہ یہ دورہ انتہائی اہم ہے جس سے پاک چین دوطرفہ تعاون میں مزید اضافہ ہوگا، یہ دورہ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات کے فروغ میں معاون ثابت ہوگا جس سے چین پاک تعاون کی وسعت میں مدد ملے گی بی پیک اور بی آر آئی کے دس سال مکمل ہونے پر یہ فورم منعقد کی جا رہی ہے، اپنے دو روزہ دورہ چین کے موقع پر وزیراعظم شنجیانگ صوبہ کا بھی دورہ کرینگے، چینی صوبہ شنجیانگ سی پیک میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے جو پاکستان کی سرحد سے منسلک ہے اور دیگر 8 ممالک کو بھی آپس میں جوڑتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شنجیانگ میں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ شنجیانگ یونیورسٹی کی تقریب سے بھی خطاب کریں گے، اس کے علاوہ کاروباری برادری سے بھی ملاقاتیں کرینگے، وزیر اعظم جمعہ کی نماز شنجیانگ کی تاریخی جامع مسجد میں ادا کرینگے۔ اسلامی تعاون تنظیم کی ایگزیکٹو کمیٹی جدہ میں ہنگامی اجلاس کے حوالہ سے نگران وزیر خارجہ نے کہا کہ 18 اکتوبر کو اجلاس ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایگزیکٹو کمیٹی کا رکن ہونے کی حیثیت سے پاکستان بھی اجلاس میں شرکت کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین ہمارے لئے انتہائی اہم ہے اور اسرائیل کی جانب سے سول آبادی پر جارحیت سے سینکڑوں خواتین اور بچے جاں بحق ہو چکے ہیں، ہم غزہ کی ناکہ بندی کی مذمت کرتے ہیں۔ غزہ کے عوام کو پانی، خوراک اور ادویات سمیت بنیادی ضروریات کی شدید قلت کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل، فلسطینی عوام کی نسل کشی کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کو عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کا احترام کرنا چاہئے، فلسطینی عوام کو اپنے ملک میں رہنے کا پورا حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ سات دہائیوں سے فلسطین پر اسرائیلی ناجائز قبضہ کی پاکستان نے ہمیشہ مذمت کی ہے اور اسرائیل کو فلسطین کے مقبوضہ علاقے خالی کرنے چاہئیں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کا احترام کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطینی علاقوں کو خالی کرانے کے حوالہ سے اسرائیل جارحیت کی پاکستان پرزور مذمت کرتا ہے، فلسطینیوں کو حق خودارادی کے تحت اپنے ملک میں رہنے کا پورا حق ہے، جس کا احترام کرنا چاہیے، اسرائیل اور عالمی برادری کو چاہئے 1967 سے قبل کے فلسطینی ریاست کے حق کو تسلیم کرے۔

بقیہ 2

کرتے ہوئے کہا کہ عالمی برادری اور سلامتی کونسل فلسطینیوں کے زندہ اور آزاد رہنے کے مسلمہ قانونی حق کا تحفظ اور پاسداری یقینی بنائے ورنہ دنیا راکھ کا ڈھیر بن جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سات دہائیوں سے ایک قابض فوج فلسطینیوں پر بدترین مظالم ڈھا رہی ہے، سلامتی کونسل اپنی قراردادوں پر عملدرآمد کراتی تو آج یہ حالات پیدا نہ ہوتے، صیہونی ریاست دہائیوں سے نہتے فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہی ہے، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اپنی قراردادوں پر عملدرآمد کرائے تاکہ بے گناہوں کا بہتا لہو روکا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں کو خالی کرانا، صحافیوں کو نشانہ بنانا قتل عام کی اجازت دینے کے مترادف ہے دنیا ظلم پر تماشائی نہ بنے، بے گناہ انسانوں کا قتل عام رکوانے کے لئے عملی اقدام کرے، اسلامی تعاون تنظیم کے پلیٹ فارم سے فلسطینیوں کے لئے پانی، خوراک، ادویات کی فوری فراہمی شروع کی جائے، تمام اسلامی ممالک او آئی سی کے پلیٹ فارم سے امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیں، بے گھر فلسطینیوں کے لئے پناہ گاہوں کی فراہمی کے لئے ہنگامی اقدامات کئے جائیں، خواتین، بچوں، ضعیفوں کے لئے خوراک اور علاج کی سہولیات کی فراہمی کے لئے ہنگامی اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں، سکولوں اور عام آبادیوں کو بمباری کا نشانہ بنانا جنگ نہیں کھلا ظلم و بربریت ہے، موجودہ حالات اسلامی دنیا کا بھی امتحان ہے، امن اور القدس الشریف دار الحکومت کی حامل آزاد فلسطینی ریاست کے قیام تک فلسطینیوں کی حمایت کرتے رہیں گے۔

بقیہ 3

بننے پر مبارکباد دی۔ گروپ لیڈر خالد اقبال ملک، خالد جاوید، میاں اکرم فرید، طارق صادق، میاں شوکت مسعود، ناصر خان، کریم عزیز ملک، ناصر قریشی، چوہدری وحید الدین، ظفر بختاوری، محمد اعجاز عباسی، افتخار انور سیٹھی، چوہدری مختار، عثمان خالد، ڈاکٹر محمد عثمان، مرزا محمد علی، شوکت علی، ملک سہیل حسین اشفاق چھٹہ، خالد چوہدری اور دیگر وفد میں شامل تھے۔ وفد سے خطاب کرتے ہوئے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے قائم مقام صدر فاد وحید نے کہا کہ 22 فیصد شرح سود اس وقت انڈسٹری کی ترقی میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ لہذا انہوں نے پرزور مطالبہ کیا کہ حکومت اس کو کم کر کے دس فیصد سے نیچے لائے جس سے صنعت کاری کو بہتر فروغ ملے گا، سرمایہ کاری بڑھے گی، برآمدات میں اضافہ ہوگا، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور معیشت جلد بحال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں شرح سود پورے ایشیا میں سب سے زیادہ ہے کیونکہ جاپان میں شرح سود منفی 0.1 فیصد ہے، تائیوان میں 1.88 فیصد، تھائی لینڈ 2.5، ملائیشیا میں 3 فیصد، چین میں 3.4 فیصد، ویتنام 4.5 فیصد انڈونیشیا اور ہانگ کانگ 5.75 فیصد جبکہ بنگلہ دیش اور بھارت 6.5 فیصد ہے۔

بقیہ 4

دینے کا کوئی جواز نہیں، نواز شریف اپنی سزا پوری کر کے الیکشن لڑیں۔ سمجھ سے بالاتر ہے جو چیزیں الیکشن کمشن نے کرنی ہی۔ پتہ نہیں مولانا اور نواز شریف کیوں انکے ترجمان بنے ہوئے ہیں۔ وہ پیپلز پارٹی سینٹرل سیکرٹریٹ میں پی پی لاہور کے صدر چودھری اسلم گل،، میاں ایوب، رانا اشعر، قلب عباس، عائشہ غوری، احسن رضوی اور افراز نقوی کیساتھ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر حسن مرتضی نے پی پی 163 سے آزاد امیدوار پرویز شفیع، پرانا کاہنہ سے پی ٹی آئی کے چیئرمین یونین کونسل اور سنٹرل پارک سے ن لیگ کے حاجی اصغر ڈوگر کو پیپلز پارٹی کا مفلر پہنا کر پارٹی میں خوش آمدید کہا، حسن مرتضی نے کہا کہ اس مرتبہ نواز شریف کے کندھوں پر مقدمات کا بوجھ اور وی سزا یافتہ بھی ہیں، انہوں نے اساتذہ کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ نگراں حکومت کے پاس لیو انکشمنٹ اور دیگر مراعات ختم کرنیکا مینڈیٹ نہیں۔ انکا مینڈیٹ صرف الیکشن کرانا ہے مگر وہ انتخابات کے علاوہ ہر کام کر رہے ہیں، کوئی حکومت کے بل بوتے پر جیتنے کی امید نہ کرے۔ سب کو آٹے دال کا بھا معلوم ہو جائیگا، انہوں نے مذید کہا کہ مخصوص حلقوں میں مخصوص سیاسی طبقے کے ترقیاتی کام رکواے کیلیے عدالت جانے کا حق رکھتے ہیں۔ سرکاری افسران ان کے ذاتی ملازم کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہ لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں اور اسی کی نشاندھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے میاں صاحب کو تیسری مرتبہ وزیراعظم بنوانے کے لیے آئینی ترمیم کی۔ حسن مرتضی کا کہنا تھا کہ طبقاتی نظام تعلیم غریب طلبا کا استحصال کرتا ہے۔ طلبا و طالبات کیلیے ایک نصاب، ایک ماحول ہونا چاہیے، یکساں نظام تعلیم حکومت اور ریاست کی زمہ داری ہے، مطالبہ کرتے ہیں کہ فی الفور خواتین و مرد اساتذہ کو رہا کرے۔ نظام تعلیم تبدیل کرنا نگرانوں کا مینڈیٹ نہیں۔ نوکر شاہی انکا ہتھیار مت بنے۔ وزیر اعلی کے علم میں اساتذہ کی گرفتاری تھی تو انہوں نے ایکشن کیوں نہیں لیا۔ یہ نجی سکول مافیا کی سرپرستی کے مترادف ہے۔

بقیہ 5

فائرنگ سے بچے سمیت 2 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نجی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں ہفتے اور اتوار کی درمیان فائرنگ سے شدید ہونے والا بچہ دوران علاج دم توڑ گیا۔ جاں بحق ہونے والے بچے کی شناخت 7 سالہ ایان ولد عبداللہ کے نام سے کی گئی، فائرنگ سے زخمی ہونے والا شخص نعیم مقتول بچے کا چاچا ہے جسے ٹانگ پر گولی لگی ہے۔ مقتول بچہ 4 بہن بھائیوں میں سب سے چھوٹا تھا۔ مقتول بچے کے والد نے بتایا کہ ہفتے کی شب محلے میں شادی کی تقریب تھی میں گھر سے باہر نکلا تو معلوم ہوا کہ شادی کی تقریب میں فائرنگ سے میرا بھائی نعیم اور بیٹا ایان زخمی ہوئے ہیں بیٹے کو سر پر گولی لگی جسے فوری اسپتال منتقل کیا گیا رات گئے بیٹا زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دوران علاج دم توڑ گیا۔ انہوں نے بتایا کہ شادی کی تقریب میں انہوں نے کسی کو فائرنگ کرتے نہیں دیکھا لیکن محلے کے دیگر لوگوں نے فائرنگ کرنے والے شخص کو دیکھا ہے پولیس کو معلوم ہے کہ فائرنگ کس نے کی ہے۔ انہوں نے بتایا وہ کوئی قانونی کارروائی نہیں چاہتے ہیں محلے داروں نے بتایا کہ علاقہ فائرنگ کی آوازوں سے گونجتا رہا ہم بارات کے ساتھ تھے بارات ابھی گھر پہنچی بھی نہیں تھی فائرنگ شروع ہوگئی تھی سب نوجوان فائرنگ کر رہے تھے کوئی بڑا سنجیدہ شخص فائرنگ نہیں کر رہا تھا گولی پستول میں پھنس گئی تھی اس کو نکالنے کیدوران واقعہ پیش آیا۔ اہل محلہ کے مطابق فائرنگ اسماعیل شخص نے کی تھی جو کہ مقتول بچہ کا قریبی عزیز بھی بتایا جارہا ہے، پولیس نے الیاس نامی ایک شخص کو پوچھ گچھ کے لیے حراست میں لیا ہے۔ ایس ایچ او رنگی ٹاؤن علی رضا کے مطابق مقتول بچے کے اہلخانہ کی جانب سے اب تک یہ نہیں بتایا گیا کہ فائرنگ کس نے کی ہے تاہم اس حوالے سے مزید تفتیش کی جارہی ہے۔

بقیہ 6

لاہور: گاڑی کی تلاشی لینے پر کار سے 150 کلوگرام چرس اور افیون برآمد ہوئی۔ موٹروے پولیس نے فوری انٹی نارکوٹکس فورس کو منشیات برآمدگی کے متعلق اطلاع دی، قانونی کارروائی کے بعد منشیات کو اے این ایف کے حوالے کردیا۔

بقیہ 7

سے متعلق امور پر بات چیت ہوئی۔

بقیہ 8

ربیع اور خریف کی فصلوں کی پیداوار بڑھانے کیلئے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک نے وزیر اعلی محسن نقوی کو پنجاب میں کپاس کی ریکارڈ پیداوار پر مبارکباد دی۔ وفاقی وزیر ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک نے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز پر پنجاب کابینہ کے اجلاس کے انعقاد کے اقدام کو بھی سراہا۔ ملاقات میں گندم اور دیگر اجناس کے نرخ کے بارے میں گفتگو کی گئی اور گندم کا نرخ یکساں رکھنے کی تجویز کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں کپاس کے نرخ میں استحکام کے حوالے سے ضروری اقدامات پر بات چیت کی گئی اور ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کی معاونت سے کپاس کے نرخ میں استحکام لانے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیر اعلی محسن نقوی نے اس موقع پر کہا کہ کاٹن کی اچھی پیداوار کے بعد کاشتکاروں کو ان کی محنت کا پورا معاوضہ دلانے کیلئے نرخوں میں استحکام ضروری ہے۔ وفاقی حکومت ٹی سی پی کے ذریعے کپاس خرید کر نرخ کے استحکام میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ وزیر اعلی نے کہا کہ کاٹن کی اچھی پیداوار خوش آئند ہے، ویلیو ایڈڈ پروڈکس سے قیمتی زرمبادلہ حاصل کیا جاسکے گا۔ وفاقی وزیر ڈاکٹر کوثر عبداللہ ملک نے کہا کہ راوی اور دیگر دریاؤں و نہروں میں سیوریج ڈالنے سے آبی حیات اور ماحولیات کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ آبی ماحولیات کے بچاؤ کے لئے سیوریج نہروں اور دریاؤں میں ڈالنے پر مکمل پابندی ناگزیر ہے۔ وزیر اعلی محسن نقوی نے ایم ڈی واسا اور ڈپٹی کمشنر لاہور کو وفاقی وزیر ڈاکٹر کوثر عبداللہ کی رہنمائی میں لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ 9

میں کپاس کے نرخ میں استحکام کے لئے وفاقی حکومت سے رجوع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ دونوں وزرا اعلی نے اس امر پر اتفاق کیا کہ سندھ اور پنجاب میں کاشتکار کو فصل کا صحیح معاوضہ دلایا جائے گا اور ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کے ذریعے کپاس کی خریداری کے لئے وزیراعظم سے باقاعدہ درخواست کی جائے گی۔ وزیر اعلی محسن نقوی نے کہا کہ سندھ اور پنجاب کے کسان کپاس کی فصل سستی بالکل نہ بیچیں، کاشتکاروں کی محنت ضائع نہیں ہونے دیں گے۔ پنجاب اور سندھ بھی مل کر ہر ضروری اقدام کریں گے۔

بقیہ 10

نمایاں حیثیت کی حامل ہے۔ یہ فضائی مشق بین الاقوامی تعاون کو تقویت دینے اور ملکی فضائی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔ مشق میں دنیا کی صف اول کی فضائی افواج کے پائلٹس، گراؤنڈ عملہ اور ایئر ڈیفنس کنٹرولرز سمیت جدید لڑاکا طیارے حصہ لے رہے ہیں۔ انڈس شیلڈ 2023۔، 14 ممالک کی بہترین فضائی افواج کو پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ پیش کرنے کے لیے ایک عمدہ پلیٹ فارم فراہم کررہی ہے۔ فضائی مشق میں پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات، مصر، عمان، بحرین، آذربائجان، انڈونیشیا، مراکش، ازبکستان، چین اور ہنگری کی فضائی افواج حصہ لے رہی ہیں۔ یہ فضائی مشق انتہائی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ یہ تکنیکی ترقی، جدت کے فروغ، فضائی جنگ کی حکمت عملیوں کو جانچنے اور عصر حاضر کے فضائی دفاعی چیلنجوں سے نمٹنے میں پاک فضائیہ کے اہم کردار کی توثیق کرتی ہے۔ انڈس شیلڈ مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے اس میں شریک ممالک کے باہمی شرکت داری کے عزم کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں درپیش مشترکہ خطرات کے پیش نظر فضائی جنگ کے نئے ابھرتے ہوئے محرکات کا بھی احاطہ کرے گی۔ ان فضائی مشقوں کے باعث بین الاقوامی برادری کی پوری توجہ اس وقت پاکستان کی جانب مبذول ہے، جسکی بدولت پاک فضائیہ جدید فضائی جنگی حکمت عملیوں اور شریک ممالک کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دے کر عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ انڈس شیلڈ 2023- شریک فضائی افواج کو نہ صرف اپنی صلاحیتوں اور فضائی برتری کا مظاہرہ پیش کرنے کا پلیٹ فارم مہیا کر رہی ہے بلکہ فضائی دفاع کے دائرہ کار میں افہام وتفہیم اور تعاون کو مزید مستحکم کرنے کا ایک بہترین موقع بھی فراہم کر رہی ہے۔ یہ مشق مشترکہ چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے شریک فضائی افواج کے مابین باہمی تعاون کو فروغ دینے اور پاک فضائیہ کی جانب سے پاکستان کی فضائی حدود کے تحفظ کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 11

درج کیا گیا ہے، مقدمے کے متن کے مطابق واقعے میں 2 انسپکٹر، 2 سب انسپکٹر اور شہری کو ملوث پایا گیا ہے۔ مقدمے کے مطابق جعلی انکوائری کے نام پر حاصل پور کے امجد کو اٹھایا گیا، امجد سے رہائی کے لئے 10 کروڑ روپے بطور رشوت مانگی گئی، 3 کروڑ میں معاملات طے پائے اور چیک کے ذریعے رقم وصول کی گئی۔ مقدمے میں بتایا گیا کہ ملزمان میں انسپکٹر وقاص رضوان، انسپکٹر فخر عباس شامل ہیں، سب انسپکٹرز مصدق عظیم، نبیل اور 3 شہری بھی مقدمے میں نامزد ہیں۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ ملزمان کے خلاف مقدمے میں اغوا کی دفعات بھی درج ہیں، متاثرہ شہری امجد سے تاوان وصولی پر ایف آئی اے کے چاروں افسران کو معطل کردیا ہے۔ ترجمان کے مطابق ایف آئی اے نے ملوث افسران میں شامل انسپکٹر فخر عباس کو گرفتار کرلیا، باقی ملزمان کی تلاش میں چھاپے مارے جارہے ہیں، چاروں معطل افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی بھی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 12

پاکستان کی مثبت کریڈٹ ریٹنگ کو برقرار رکھنے اور شفافیت کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات کے ساتھ باہمی تعاون کے فروغ کے امکانات کے بارے میں توقعات کا اظہار کرتے ہوئے دونوں ممالک کے اقتصادی مفادات کو آگے بڑھانے کے لیے مل کر کام جاری رکھنے کا عہد کیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق نگران وزیر خزانہ شمشاد اختر نے آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاس میں شرکت کے موقع عالمی رہنماؤں سے اہم ملاقاتیں کی ہیں نگران وزیر خزانہ شمشاد اختر نے گلوبل فنانشل سروسز کمپنی موڈیز کے ایک اعلی سطحی وفد سے ملاقات کی۔

بقیہ 13

ہیں۔ مختلف شہروں سے فارن ایکٹ میں گرفتار 5 سو سے زائد افغانی ڈی پورٹ بھی کیے گئے ہیں۔ اسپن بولدک اور قندھار سے صرف الیکٹرانک افغان شناختی دستاویز پر آنے کی اجازت ہے۔ افغان طالبان نے پاکستانیوں کے شناختی کارڈ پر باب دوستی سے پیدل آمد و رفت روک دی ہے اور کاروباری سرگرمیوں کیلئے روزانہ افغانستان جانے والے سینکڑوں پاکستانی باب دوستی سے واپس بھیجے جا رہے ہیں۔ کنٹرول روم کے مطابق سیاسی جماعتوں، سماجی و قبائلی تنظیموں کے زیر اہتمام گرینڈ جرگہ ہوا جس میں باب دوستی پر آمدورفت کے نئے طریقے کار کو مسترد کر دیا گیا۔ جرگے میں مطالبہ کیا گیا کہ پاکستان اور افغانستان کے سرحدی قبائل کی شناختی کارڈ اور تذکیرہ پر آمدورفت بحال کی جائے۔

بقیہ 14

کر دیا جاتا ہے۔ تجاوزات مافیا کینٹ بورڈ راولپنڈی کے علاقے میں چلا جاتا ہے اسی طرح یہ آپریشن ناکام ہو جاتا ہے۔ کینٹ کا عملہ اس ریڑھی بان یا چھابہ فروش کا سامان اٹھا کر ضبط کر لیتا ہے جو ماہوار بھتہ نہ دے اور کینٹ بورڈ کے دفتر کے چکر لگانے کے بعد جرمانہ بھرنے کے بعد ضبط کیا گیا سامان واپس ملتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کے شعبہ انسداد تجاوزات کا عملہ تجاوزات کے مرتکب افراد سے مبینہ طور پر ملا ہوا ہے۔ جس کی وجہ سے تجاوزات مافیا پوری طرح متحرک ہو چکا ہے جن کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ اس ضمن میں انفورسمنٹ چکلالہ شعبہ تجاوزات انسپکٹر فیصل خان سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا روزانہ کی بنیاد پر تجاوزات کیخلاف آپریشن کیا جاتا ہے اور چند دن قبل تجاوزات کنندگان کیخلاف کار سرکار میں مداخلت پر ایف آئی آر کا اندراج بھی کیا گیا ہے۔ شہریوں نے کینٹ بورڈ حکام سے اپیل کی ہے کہ وہ اس ساری صورت حال کا نوٹس لے کر بھتہ خوری میں ملوث عملہ کیخلاف سخت ایکشن لے کر تجاوزات کے خاتمے کو یقینی بنانے میں اپنا اہم کردار ادا کریں تاکہ شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔

بقیہ 15

دو افراد زخمی ہوگئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سلنڈر پھٹنے کے واقعہ کے نتیجے میں دو خواتین سمیت چار افراد زخمی ہوئے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ چاروں زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا تاہم دو خواتین ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئیں۔ پولیس نے مکمل تحقیقات تک پٹرول اسٹیشن کو بند کردیا ہے۔

بقیہ 16

سے انتخابی مہم شروع کرے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے تسنیم قریشی نے کہا کہ بلاول بھٹو 18 اکتوبر کو ملک کے تمام ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر ویڈیو خطاب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جنوری یا فروری میں الیکشن نہ ہوئے تو ملک سنگین مسائل سے دوچار ہو جائے گا۔

بقیہ 17

کئے اور 0.14 ملین کی انڈر بلنگ بھی بک کی گئی۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 23 جبکہ 11 انڈر بلنگ کیسز کا اندراج/ پروسیس کیے گئے۔ مردان میں ٹیم نے کاروائی کے دوران گیس کے غیر قانونی استعمال پر 50 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ شیخوپورہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال اور میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 10 جبکہ 42 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/ اندراج کیے گئے اور 30 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سیالکوٹ میں ٹیم نے کاروائی کے دوران گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 کنکشن منقطع جبکہ 13 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/ اندراج کیے گئے۔ راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 58 کنکشن منقطع جبکہ 62 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/ اندراج کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے کمپریسر اور گیس کے غیر قانونی استعمال پر 9 گیس کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ 15 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے اور 0.07 ملین کی رقم بھی بک کی گئی۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور اور کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی 50 کنکشن منقطع جبکہ 10 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 08 کمپریسر کے استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا اور 35 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کیے گئے، 0.19 ملین کی رقم بک کی گئی۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 06 جبکہ 12 انڈر بلنگ کیسز پروسیس ہوئے۔

بقیہ 18

موجود ہو وہ اپنے ووٹ کا اندراج کرا سکتے ہیں، اگر کوائف یا ایڈریس میں کوئی غلطی ہو وہ بھی درست کی جا سکتی ہے۔ واضح رہے کہ انتخابی فہرستوں کو ملک بھر میں 20 جولائی 2023 کو منجمد کر دیا گیا تھا۔ ترجمان کے مطابق قانون کے مطابق ووٹ کا اندراج ووٹر کا اکے شناختی کارڈ کے مطابق مستقل یا موجودہ پتہ پر کیا جاتا ہے، تیسرے ایڈریس پر کسی ووٹ کا اندراج نہیں ہو سکتا تاہم سرکاری ملازمین اگر کسی دوسرے ضلع یا صوبے میں تعینات ہیں تو اپنی پوسٹنگ والی جگہ پر اپنا اور فیملی کا ووٹ درج کرا سکتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ الیکشن کمیشن روزانہ کی بنیاد پر میڈیا کیذریعے سے عوام کو ووٹ کے اندراج، اخراج ودرستگی کے بارے میں مسلسل آگاہی فراہم کر رہا ہے جو 25 اکتوبر 2023 تک جاری رہے گا۔ مزید الیکشن کمیشن نے تمام 8 لاکھ سے زائد افراد جن کو نادرا کی طرف سے شناختی کارڈ جاری کئے گئے ہیں انکا ڈیٹا کیم اکتوبر 2023 کو نادرا سے حاصل کر لیا تھا جس کی ڈیٹا انٹری جاری ہے اور یہ تمام اہل افراد آئندہ عام انتخابات میں اپنا حق رائے دہی استعمال کریں گے۔ اس کے علاوہ بھی 25 اکتوبر 2023 کیونکہ الیکشن کمیشن نے ووٹ کے اندراج، اخراج ودرستگی کی تاریخ مقرر کی ہے۔ لہذا ایسے تمام افراد جن کو 25 اکتوبر 2023 تک شناختی کارڈ جاری ہونگے ان کے ووٹوں کے اندراج کو یقینی بنایا جائے گا۔ پاکستان کے تمام اضلاع میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر بطور رجسٹریشن آفیسر تعینات ہیں اور ووٹ اندراج میں تمام افراد کو مکمل سہولت دی جارہی ہے۔ نیز ووٹ کا اندراج اور منتقلی فارم 21 پر ہوتی ھے جو الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ www.ecp.gov.pk پر موجود ہے اور ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 19

میں صفہ سویٹ ہوم کے زیر اہتمام طلبا کے تقریری مقابلوں اور سیرۃ سیمینار سے خطاب کے دوران کہی۔ انیق احمد نے کہا کہ دین دشمن ہماری نوجوان نسل کو شکوک وشبہات میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں۔ نوجوان نسل کو جدید دور کے مسائل سے نبرد آزما ہونے کیلئے علم وحکمت سے مدد لینا ہوگی۔ ہمیں چاہیے کہ اللہ اور اسکے نبی ﷺ سے تعلق پیدا کریں۔ نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ کے تین مرحلے تلاش حق، اعلان حق اور نفاذ حق ہیں۔ اقبال کی شاعری قرآن کریم کی آیات کی تفسیر ہے اور ان کا مخاطب نوجوان ہیں۔ قرآن کریم زمین والوں سے اللہ کا آخری کلام ہے۔ انسانیت کے تمام مسائل کا حل دین کے پاس موجود ہے۔ مسلمان سوشل ورکر کے ساتھ ساتھ ایک لیڈر بھی ہوتا ہے۔ آج ہمارے درمیان امت کا تصور نظر نہیں آتا۔ مسلمان انسانیت کا 25 فیصد ہیں، دنیا ہم سے صرف نظر نہیں کر سکتی۔ اگر ہم درست راستے پر چلتے تو غزہ، برما، کشمیر جیسے مسائل پیدا ہی نہیں ہوتے۔ علما کرام کو چاہیے کہ قوم کی رہنمائی کریں اور قوم کو مایوسی سے نکالیں۔ مایوس صرف ابلیس ہوتا ہے۔ ہمیں اللہ کی رحمت سے بھی مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ ہمارا آنے والا دن روشن اور تابناک ہے۔ سیمینار سے سابق وزیر مذہبی امور سینیٹر طلحہ محمود، مفتی زبیر و دیگر علما اور سکالرز نے خطاب کیا۔ تقریری مقابلوں میں نمایاں پوزیشن لینے والے طلبا میں نقد انعامات تقسیم کیے۔ سیمینار کے شرکاء نے غاصب اسرائیل کی غزہ میں جاری مسلمانوں کی نسل کشی کی شدید الفاظ میں مذمتی قرارداد منظور کی۔ #

بقیہ 20

سے رابطہ کیا اور پھر کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کی۔ بھارتی طیارے کی کراچی ایئرپورٹ پر لینڈنگ سے متعلق سول ایوی ایشن اتھارٹی کے ترجمان نے تصدیق کی ہے۔ ترجمان سی اے اے کے مطابق بھارتی طیارہ ہفتہ کو 12 بجکر 28 منٹ پر لینڈ ہوا تھا۔ ترجمان سی اے اے کے مطابق طیارے کی لینڈنگ کے بعد بارڈر ہیلتھ سروسز اور سی اے اے کے ڈاکٹرز فوری طور پر پہنچ گئے تھے اور مسافر کو فوری طور پر طبی امداد فراہم کی۔ ترجمان سی اے اے کے مطابق طیارہ 2 گھنٹے سے زائد کراچی ایئرپورٹ پر کھڑا رہا، مسافروں کو جہاز سے اترنے کی اجازت نہیں تھی، بروقت طبی امداد ملنے پر مسافر کی طبیعت بہتر ہونے پر پرواز کو روانہ کیا گیا۔

بقیہ 21

عوام بیگناہوں کا خون بہنے سے روکنے کے لئے اپنا کردار ادا کریں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نہتے اور محصور فلسطینیوں پر وحشیانہ بمباری جنگی جرائم ہیں، ہسپتالوں، قافلوں، نہتی آبادیوں پر حملے بہادروں اور قانون پر چلنے والی اقوام کا شیوہ نہیں، فلسطینیوں کے قتل عام پر اسلامی دنیا کے عوام میں شدید غم وغصہ ہے، اسلامی ممالک کی قیادت عوام کی امنگوں کی ترجمانی کرے، اسلامی دنیا امن کے قیام، تنازعہ فلسطین کے منصفانہ حل اور محصور فلسطینیوں کی مدد کے لئے آگے بڑھ کر کردار ادا کرے، محصور فلسطینیوں کو خوراک اور ادویات کی فراہمی کا بندوبست کیا جائے۔

بقیہ 22

پران دہشتگرد گروپوں کے درمیان اختلافات بڑھ چکے ہیں۔ کالعدم بی ایل اے اور ان کی آقا خفیہ ایجنسی را بزدلانہ کارروائیوں کو سوشل میڈیا پر بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں۔ خفیہ آپریشن میں ہلاک کالعدم بی ایل اے کا دہشتگرد صدام 2008 میں تنظیم کا حصہ بنا تھا جس نے ہتھیاروں کے استعمال اور بارودی سرنگیں نصب کرنے کی تربیت مشکے میں دہشتگرد ٹریننگ کیمپ میں لی تھی۔ صدام کو 2017 میں کیچ میں خفیہ تربیتی کیمپ کا کمانڈر اور 2021 میں مقامی کمانڈر بنایا گیا۔ صدام 2016 سے دہشتگرد صدام جنوبی بلوچستان میں 93 دہشتگرد وارداتوں میں ملوث رہا۔ ان حملوں میں 131 معصوم لوگوں کی جانیں گئیں جبکہ 177 لوگ زخمی بھی ہوئے۔ وہ چند روز قبل ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان پر بھی حملے میں ملوث رہا۔ دہشتگرد صدام کیچ میں دہشتگرد کارروائیوں اور نوجوانوں کو دہشتگرد گروپوں میں شامل کرنے میں اہم کردار تھا جس کے خلاف گوادر اور تربت میں متعدد ایف آئی آرز درج ہیں جب کہ وہ بلوچستان کے ضلع کیچ میں متعدد دہشتگرد وسیل بھی چلا رہا تھا۔ جہاں وہ نوجوان کو نام نہاد ایجنڈے کے تحت ورغلا کر دہشتگرد کارروائیوں کا حصہ بناتا تھا۔ کالعدم بی ایل اے (عبدالمجید بریگیڈ) کے دہشتگرد صدام کی ہلاکت دہشتگرد تنظیم کیلیے بڑا دھچکا ہے۔ جس کے بعد علاقے میں دہشتگرد کارروائیوں میں نمایاں کمی آئے گی اور انسداد دہشتگردی کارروائیوں پر بھی دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ 23

فائز اقبال بھر کو شدید زخمی کر دیا جس کو تشویشناک حالت میں ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہوسکا۔ پولیس تھانہ چھاؤنی نے مقتول کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے تحویل میں لیکر مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 24

الرحمان کا کہنا تھا کہ مفتی محمود نے دینی و مذہبی سیاست کو شناخت دی، 40 سال پہلے مغرب اور مشرق کے مابین نظریاتی تصادم تھا، آج حالات مختلف ہیں، دنیا بدل گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ، بیوروکریسی اور سیاست مغرب کے دبا میں ہے، کہا گیا امریکا کا اصول ہے کہ جمہوریت ہونی چاہیے، پاکستان کا اپنا آئین وقانون غیر مؤثر ہے، ملک جس نظریہ پر بنا تھا اسے اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل نے فلسطینیوں پر ظلم کیا ہے، امریکا نے ایک سال میں افغانستان پر اتنی بمباری نہیں کی جتنی غزہ پر ایک دن میں ہوئی۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ دھاندلی کی بنیاد پر بین الاقوامی ایجنڈہ مسلط کیا گیا، کوئی ہمیں پارلیمنٹ سے باہر رکھے گا تو ہم انہیں پارلیمنٹ سے باہر آنے نہیں دیں گے، ہم معقول سیاست کرتے اور سکھاتے ہیں، زبردستی اور دھاندلی نہیں بلکہ آئین چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دور میں پاکستان ترقی میں 24 نمبر سے 47 نمبر پر آیا، ہم نے ملک کو معاشی لحاظ سے مضبوط کرنا ہے۔

بقیہ 25

90 کروڑ 80 لاکھ 60 ہزار روپے، 6 ہزار 945 تجارتی نادہندگان سے 8 کروڑ 12 لاکھ 90 ہزار روپے، 744 صنعتی ڈیفالٹرز سے 18 کروڑ 92 لاکھ 40 ہزار روپے، 3 ہزار 905 زرعی ٹیوب ویلوں سے 80 کروڑ 61 لاکھ 50 ہزار روپے جبکہ دیگر کیٹگریز کے 2030 نادہندگان سے 58 لاکھ 50 ہزار روپے وصول کئے گئے۔ جنوبی پنجاب میں رنگ ڈیفالٹرز کی کیٹگری میں دو سے تین ماہ کی مدت والے 12 ہزار 837 ڈیفالٹرز سے 32 کروڑ 17 لاکھ روپے، 4 سے 6 ماہ کی مدت والے 10 ہزار 604 نادہندگان سے 38 کروڑ 16 لاکھ روپے، 6 ماہ سے ایک سال کی مدت والے 2 ہزار 585 ڈیفالٹرز سے 19 کروڑ 60 لاکھ روپے، ایک سے تین سال کی مدت والے 326 رنگ ڈیفالٹرز سے 2 کروڑ 49 لاکھ روپے وصول کر کے خزانے میں جمع کروائے۔

بقیہ 26

ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور ہائی کورٹ نے پولیس کو بغیر وارنٹ گرفتاری اور چھاپوں سے منع کیا ہوا ہے۔ محمد علی سیف نے کہا کہ پی ٹی آئی کے سوا تمام سیاسی جماعتوں کو جلسوں کی کھلی آزادی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صوبائی نگراں حکومت فسطائی ہتھکنڈوں کا استعمال بند کرے۔

بقیہ 27

نواز شریف کی قیادت میں ایک نئی تاریخ لکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کارکنوں اور عوام میں جوش و خروش ہر روز بڑھ رہا ہے، نواز شریف پاک سرزمین کو دوبارہ امید اور یقین دینے آ رہے ہیں۔ 2018 سے 2022 کا تجربہ نہ ہوتا تو قوم مایوس اور معیشت تباہ نہ ہوتی۔

بقیہ 28

کسان کو نقصان سے بچایا جاسکے۔

بقیہ 29

چند گھنٹوں میں بازیاب کر کے خاتون سمیت دونوں اغواء کاروں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان صائمہ اور بابر نے بہانے سے شیر خوار بچی کو ہسپتال سے اغواء کیا تھا۔ پولیس نے نومولود بچی کو ہسپتال میں فیملی کے حوالے کر دیا۔ بچی کی بازیابی اور ملزمان کی گرفتاری پر سی پی او سید خالد ہمدانی کی ایس پی راول، ڈی ایس پی نیو ٹاؤن، ایس ایچ او نیو ٹاؤن اور ٹیم کو شاباش۔ ایس ایچ او نیو ٹاؤن نے کہا ملزمان سے تفتیش کر کے ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔ خواتین اور بچوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے جسے ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 30

واپس آ رہے تھے جب وہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سابق ایم این اے سیدہ نوشین افتخار کی رہائشگاہ کے قریب فیصل شاہ کے گھر کے پاس پہنچے تو چھت سے فائرنگ شروع ہوگئی جس کے نتیجہ میں وقاص اور سمید گولیاں لگنے سے شدید زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد کیلئے رورل ہیلتھ سنٹر پہنچادیا گیا اور تھانہ موترہ پولیس نے نامعلوم ملزمان کیخلاف اقدام قتل کا مقدمہ درج کرلیا، تھانہ موترہ پولیس نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سابق ایم این اے سیدہ نوشین افتخار کے گھر کے قریب فائرنگ کے معاملہ پر سابق ایم این اے سیدہ نوشین افتخار کے حقیقی بھائی عطاء الحسن شاہ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ہونیوالا سابق ایم این اے کا بھائی عطاء الحسن شاہ 2018 کے عام انتخابات میں سابق صوبائی وزیر بادر رضوان احمد کے مقابلہ میں حلقہ پی پی 41 سے مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ ہولڈر تھے۔

بقیہ 31

29 ہزار روپے دھوکہ دہی سے ہتھیائے، ملزم نے مذکورہ رقم مختلف اکاؤنٹس میں منگوائی، بعد ازاں ملزم مذکورہ رقم سے عمرہ کا فریضہ ادا کرنے کیلئے چلا گیا، ملزم کے قبضے سے موبائل فون و دیگر شواہد حاصل کر لیے گئے، ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ 32

سلامی دی تفصیلات کے مطابق گوجرخان سے گوجرخان سے تبدیل ہونے والے ایڈیشنل سیشن جج سعادت ملک اور چوہدری قاسم کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا حمد ونعت رسول مقبول پڑھنے کا شرف راجہ بلال ناصری اور مرزا رمضان ایڈووکیٹ نے حاصل کیا جبکہ سیکرٹری بار ایسوسی ایشن گوجرخان چوہدری محمد اخلاص نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ملک مشتاق اوجلہ نے بار کی لائبریری کا افتتاح کیا اور ججز کو یادگاری شیلڈز پیش کیں گوجرخان بار ایسوسی ایشن کے صدر عرفان قریشی نے سپاس نامہ پیش کیا جس میں جوڈیشل کمپلیکس کی تعمیر سمیت جوڈیشل لاک اپ کو بحال کرنے کا مطالبہ پیش کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی ملک مشتاق احمد اوجلہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ گوجرخان بار قانونی اور آئینی طور پر اعلی اقدار کی حامل ہے جہاں پر ججز نے اپنی خدمات سرانجام دیتے ہوئے دوستانہ ماحول پایا گوجرخان میں جوڈیشل کمپلیکس کی تعمیر کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں گے کمپلیکس کے خواب کو تعبیر دینگے جس میں ججز، وکلاء اور سائلین کو ایک چھت تلے تمام سہولیات فراہم ہوں گی یہ پراجیکٹ جلد از جلد تکمیل کے مراحل طے کرے گا مزید برآں وہ وکلاء کے ساتھ گھل مل گئے اور بار اور بینچ کے درمیان اچھے تعلقات کو خوش آئند قرار دیا جبکہ تقریب میں سینئر سول جج راولپنڈی عبد الکریم، ایڈیشنل سیشن جج ٹیکسلا سعادت حسن ملک، ایڈیشنل سیشن جج گوجرخان مبشر حسن، ایڈیشنل سیشن جج گوجرخان سجاول خان، ایڈیشنل سیشن جج اجمل مجلو کا سول جج مظفر ہمدانی، فہد خان، فیضان رسول، یعقوب شہزاد، ظل ہما، نورین کوثر، ارم نذیر نے شرکت کی

بقیہ 33

انکی نشاندہی کریں کسی بھی شکایت کی صورت میں آپ تحریری درخواست دیں آپکی تمام شکایات کا ازالہ کیا جائے گا ہسپتال میں تمام سہولیات موجود ہیں ماسوائے بڑی مجبور پیدائش کی صورت میں نرسری کے تفصیلات کے مطابق ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان میں 6 ڈاکٹرز کو تعینات کر دیا گیا، ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ نے بتایا کہ سرجن کی پوسٹ خالی ہونے کی وجہ سے جو خلاء پیدا ہوا تھا وہ پر ہو گیا ہے ہسپتال میں سرجن ڈاکٹر، سینئر میڈیکل آفیسر اور گائنی کی ڈاکٹر کی تعیناتیاں کر دی گئیں ہیں نو تعینات ڈاکٹرز میں سرجن ڈاکٹر عدنان، سینئر میڈیکل آفیسرز ڈاکٹر ظہیر اور ڈاکٹر سہیل ایجاز، ڈینٹل سرجن ڈاکٹر زہرہ، پیتھالوجسٹ ڈاکٹر اقراء، گائنا کالوجسٹ ڈاکٹر حرا سمیت تمام ڈاکٹرز نے جوائننگ کر لی ہے اور ڈیلی روٹین وائز مریضوں کو چیک اپ اور علاج معالجے کی سہولیات سے مستفید کیا جارہا ہے، جبکہ سرجن ڈاکٹر عدنان کی جوائننگ ہونے سے ہسپتال میں دوبارہ سے آپریشن کی سہولت میسر ہوگی ہے تحصیل گوجرخان کے باسیوں کو اب راولپنڈی جانے یا پرائیویٹ ہسپتالوں سے آپریشن کروانے سے نجات ملے گی میں اور میرے تمام ڈاکٹرز، نرسسز، اور دیگر سٹاف تمام محدود وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ہمہ وقت شہریوں کی خدمت کے لیے موجود ہیں

بقیہ 34

سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صدر واہ پولیس نے ملزم حسنین سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کلر سیداں پولیس نے ملزم محسن سے 6 بوتل شراب، روات پولیس نے ملزم جنید سے 1 بوتل شراب، دھمیال پولیس نے ملزم بابر سے 5 لیٹر شراب، ٹیکسلا پولیس نے ملزم افتخار سے 1 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 35

کشمیر کی طرح فلسطین میں بھی مسلمانوں کے ساتھ غیر انسانی سلوک روا رکھا جارہا ہے، مساجد کی بے حرمتی اور معصوم لوگوں پر تشدد کیا جارہا ہے، اسرائیل نے فلسطین میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا ایک نیا سلسلہ شروع کر رکھا ہے، عالمی برادری کو جارح اسرائیل کے ہاتھوں مظلوم فلسطینیوں کی حالت زار پر نوٹس لینا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ متنازعہ علاقوں میں فوجی جارحیت اور بنیادی حقوق سے فلسطینیوں کی محرومی کو دیکھتے ہوئے عالمی امن وار خوشحالی کیلئے ان مسائل کو حل کرنا ناگزیر ہے، اسلامی تعاون تنظیم فلسطین کے تنازعہ کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کرے اور مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے دنیا بھر کے مسلمان فلسطینی عوام کی بھرپور حمایت کریں۔ ایم ساجد عباسی نے کہا کہ مشرق وسطی میں خونریزی کی بنیادی وجہ مسئلہ فلسطین کے حل میں اقوام متحدہ اور عالمی طاقتوں کی ناکامی ہے، یہ بدقسمتی ہے کہ دنیا اسرائیل فلسطین تنازعے کی طرف توجہ مرکوز کرنے کیلئے اس طرح کی ہلاکتوں اور تباہی کا انتظار کر رہی ہے، بے گناہ فلسطینیوں کے قتل اور ان کے گھروں کی تباہی پر سالہ سال تک خاموشی اختیار کی جاتی ہے، آج جب دوسرے فریق پر ضرب لگی تو نام نہاد جمہوریت پسندوں کو غصہ آیا ہے، مخصوص مواقع پر غم وغصے کا اظہار کرنا مجرمانہ ہے، مسئلہ فلسطین کو حل کریں تاکہ امن قائم ہو، یہ بیان ایسے وقت پر سامنے آیا ہے جب حماس اور اسرائیلی افواج ایک دوسرے پر حملے اور جوابی حملے کر رہے ہیں۔

بقیہ 36

بھارت کرکٹ میچ پر آن لائن جوا کھلانے والے 5 بکیوں کو گرفتار کرلیا، ملزمان ورلڈ کپ کرکٹ میچوں کے علاوہ گھوڑوں کی ریس پر بھی جواء کھلاتے ہیں، ملزمان کی شناخت کامران عرف کامی موٹا، محمد علی، اکبر، معید اور ملک انوار کے نام سے ہوئی، ملزمان کے قبضہ سے 6 موبائل فون، 2 کمپیوٹر، لیپ ٹاپ رجسٹر، چھٹے اور نقدی 22500 روپے برآمد ہوئے، ملزمان بیٹ پرو ایپ کے ذریعے مخصوص گاہکوں کو جواء کھلا رہے تھے۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے، گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

بقیہ 37

کیا۔ تقریب میں سیکرٹری برائے مواصلات خرم آغا، انسپکٹر جنرل سلطان علی خواجہ، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس، ڈی آئی جی صاحبان اور دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر مواصلات شاہد اشرف تارڑ نے کہا کہ موٹروے پولیس کی طرف سے بین الاقوامی معیار کے مطابق (CE) کیٹگری کے لائسنس کا آغاز انتہائی قابل ستائش ہے۔ پاکستانی شہریوں کو بیرونی ممالک بالخصوص مشرق وسطی، کینیڈا اور دیگر یورپی ممالک میں اس ڈرائیونگ لائسنس کی وجہ سے روزگار کے بہترین مواقع میسر ہوں گے۔ اس لائسنس کی کیٹگری کے حامل افراد کے روزگار سے ملک میں زرمبادلہ میں بھی مزید اضافہ ہوگا۔ عوام الناس کے لئے HTV ڈرائیونگ لائسنس میں اس کیٹگری کو شامل ہونا ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ لہذا کم سے کم وقت میں نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ (CE) کیٹگری ڈرائیونگ لائسنس جاری کئے جائیں۔

بقیہ 38

ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کی شناخت رمضان، طاہر اور زاہد کے نام سے ہوئی، ملزمان سے 233 بور رائفل، 12 بور رائفل، پسٹل اور گولیاں برآمد ہوئیں۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے دھمیال پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائیگا، قانون کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 39

کرنا اور ماہر ہنرمندوں اور لوک فنکاروں کو قومی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ دس روزہ میلے میں سینکڑوں ماہر ہنرمند، دیہی موسیقار اور لوک فنکار شرکت کریں گے اور اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ تمام صوبے، گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر میلہ گراؤنڈ میں اپنے ثقافتی پویلین قائم کر کے میلے میں اپنی موثر شرکت کو یقینی بنائیں گے۔

بقیہ 40

اور فائرنگ کرنے کا مقدمہ فیروز آباد تھانے میں درج کرا دیا گیا، مقدمہ الزام نمبر 670/2023 بجرم دفعہ، 395 , 186 , 353 , 324 427 , 149 , 148 , 147 ت پ اور دہشت گردی کی ایکٹ ریڈ ود 7ATA کے تحت سرکاری مدعی اپر ڈویژن کلرک) یوڈی سی (عامر رفیق کی مدعیت میں درج کرلیا گیا۔ مدعی نے اپنے بیان میں بتایا کہ 13 اکتوبر 2023 کو مخبر خاص سے اطلاع ملی کہ دبئی شاپنگ سینٹر طارق روڈ کراچی کے گوداموں میں اسمگل شدہ غیر ملکی کپڑا وغیرہ رکھا ہوا ہے۔ اطلاع پر اپنے اسٹنٹ ڈائریکٹر سعود حسن خان کو بتایا جنھوں نے اپنی سربراہی میں ایک ٹیم تشکیل دی جس میں انٹیلی جنس افسران محمد ندیم، اشتیاق احمد، جہانزیب خان، اظہر عظیم اور میں خود عامر رفیق اور کسٹم کے سپاہی راشد علی، غلام اکبر، شاویز، سپاہی ایاز و دیگر ملازمان شامل تھے۔

بقیہ 41

تھانہ کھنہ کے مختلف علاقوں میں ایس پی سی ٹی ڈی کی زیر نگرانی سرچ اور کومنگ آپریشن کیا، سرچ آپریشن میں سی ٹی ڈی، ایف سی اور مقامی پولیس ٹیموں نے حصہ لیا، سرچ آپریشن کے دوران 12 مشکوک افراد اور 05 موٹر سائیکل کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ کھنہ منتقل کیا گیا، جبکہ آپریشن کے دوران 02 کلو ہیروئن، 03 پسٹل اور 120 لیٹر شراب بھی برآمد کر لی گئی، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سکیورٹی کو مزید موثر بنانا ہے، سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جارہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کی خلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا "پکار-15" پر اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جاسکے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
16 اکتوبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس اڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 16 اکتوبر 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، انڈسٹریل-I، II، III، وارد، اولڈ پی ٹی این، اتحاد فونڈری، ایس ایچ سٹیل، صدیقی ٹشیل، ایس ای ایس، فضل گھی، یوفون، ہائی وے، سروس روڈ ایسٹ، ضیا مسجد، اقبال ٹاؤن، کلب۔ I، پیر سوہاوہ، فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، امین ٹاؤن، فضاہیہ، نیو ملپور فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، یو سی لکھن، کرنب کسوال، مورگاہ، پارک ویو، پنڈی بورڈ فیڈر، جہلم سرکل، کوہار، شاہ اللہ، F-3 گل افشاں، کرمالہ، شاہ سفیر فیڈرز اٹک سرکل، بولینوال فیڈر، چکوال سرکل، مورت، تلہ گنگ سٹی، بشارت، خیر پور فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 42

رہی۔ ترجمان نے کہا کہ پولیس نے فرار ملزمان کا تعاقب کیا تو ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا، پولیس نے ملزم سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد کرلیا۔ ترجمان نے کہا کہ پولیس نے گاڑی بھی قبضہ میں لے لی جس سے گاڑی چوری کے آلات برآمد ہوئے۔ ترجمان نے کہا کہ فرار ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں، پولیس پارٹی پر فائرنگ کا مقدمہ تھانہ گولڑہ میں درج کرلیا گیا۔ ترجمان کے مطابق شہری کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع پکار 15 یا ICT-15 ایپ کے ذریعے اسلام آباد پولیس کو دیں۔

بقیہ 43

اور فوجی کمپاؤنڈز کو نشانہ بنایا۔ اسرائیلی فورسز نے دعوی کیا کہ فضائی حملوں میں حماس کے کئی اینٹی ٹینک میزائل لانچ پیڈز اور اسلحہ ساز فیکٹریوں کو تباہ کر دیا۔ اسرائیلی فضائیہ کے اس حملے میں حماس کا یہ جانباز کمانڈو بلال الکیدرا شہید ہوگئے۔ اسرائیل نے دعوی کیا ہے کہ بلال الکیدرا کو اسرائیل میں ایک بستی نیریم میں قتل عام کی منصوبہ سازی کی تھی۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز بھی ایک اور اسرائیلی فضائی حملے میں حماس کے ایک سینئر فوجی کمانڈر مراد ابومراد کی ہلاکت کا دعوی کیا گیا تھا جو اسلامی گروپ کی فضائی کارروائیوں کا سربراہ تھا۔

بقیہ 45

گیس جن میں چین کا حصہ 14.20 ملین ڈالر رہا۔ مالی سال 23-24 کی پہلی سہ ماہی کے دوران دنیا کے تمام شراکت دار ممالک کو پاکستان کی برآمدات 6.899 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ اس میں سے چین کو برآمدات کا حجم 729.7 ملین ڈالر رہا جو پاکستان کی مجموعی برآمدات کا تقریبا 10.57 فیصد بنتا ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق جولائی، اگست اور ستمبر کے دوران پاکستان کی چین کو برآمدات بالترتیب 168.5 ملین ڈالر، 211 ملین ڈالر اور 350.2 ملین ڈالر پر مستحکم رہیں۔ گوادر پرو کے مطابق ستمبر 2023 میں مختلف ممالک کو پاکستان کی برآمدات میں اضافہ دیکھا گیا جس میں عرب امارات کو 111.0 ملین ڈالر، سعودی عرب کو 56.6 ملین ڈالر، ملائیشیا کو 34.4 ملین ڈالر، ترکی کو 33.6 ملین ڈالر، سری لنکا کو 33.2 ملین ڈالر، ویتنام کو 29.9 ملین ڈالر، پولینڈ کو 28.6 ملین ڈالر، جنوبی کوریا کو 27.3 ملین ڈالر اور یمن کو 18.4 ملین ڈالر کی برآمدات ہوئیں۔ گوادر پرو کے مطابق ستمبر 2023 میں مختلف ممالک سے پاکستان کی درآمدات کا حجم 3.954 ارب ڈالر رہا

بقیہ 46

سلیم نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 47

میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 10 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے ملزم بلال حمید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ مارگلہ پولیس ٹیم نے منشیات فروشی میں ملوث ملزم محمد طیب کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 140 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ رمنا پولیس ٹیم نے تین ملزمان وقار احمد، شان علی اور شازم علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 685 گرام چرس اور 105 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ گولڑہ پولیس ٹیم نے ملزم عباس کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ ترنول پولیس ٹیم نے ملزم ولی خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ سبزی منڈی پولیس ٹیم نے ملزم اسمٰعیل خان کو گرفتار کر کے 633 گرام چرس اور ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ نون پولیس ٹیم نے ملزم محمد ناصر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا

بقیہ 48

آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 49

ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ گرفتار اشتہاری مجرمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سنگین مقدمات میں ملوث اشتہاری مجرمان کی گرفتاری انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 50

، صادق آباد پولیس نے ملزم خان عاصم سے 1 کلو 650 گرام چرس، ملزم عبد الباسط سے 1 کلو 250 گرام چرس، آر اے بازار پولیس نے ملزم رشید سے 1 کلو 150 گرام چرس، ائیرپورٹ پولیس نے ملزم رحمان سے 1 کلو 150 گرام چرس، گوجرخان پولیس نے ملزم جمال سے 875 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم تابش احمد سے 700 گرام چرس، کلر سیداں پولیس نے ملزم دانش سے 625 گرام چرس، صدر واہ پولیس نے ملزم شیراز سے 510 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم طلحہ سے 540 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 51

سے 48 لیٹر شراب، کلر سیداں پولیس نے ملزم دانش سے 15 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم احمد فراز سے 9 لیٹر شراب، ملزم شاہ زیب سے 8 لیٹر شراب، روات پولیس نے ملزم نازک حسین سے رائفل 12 بور معہ ایمونیشن، ملزم نعمان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، مورگاہ پولیس نے ملزم عمر عباس سے پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم کاشف سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ٹیکسلا پولیس نے ملزم حنیف سے 1 پستول 9mm معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 52

صدر محمد نبیل کھوکھر، ایس ایچ او ملک کاشف اور ٹیم کو شاباش دی تفصیلات کے مطابق سرکل گوجرخان میں خوف کی علامت بنا تابی گینگ کا سرغنہ آفتاب عرف تابی ساتھیوں سمیت گرفتار 28 لاکھ نقدی، 5 مسروقہ موٹر سائیکلز اور اسلحہ برآمد گرفتار ملزمان نے دو ماہ قبل فائرنگ کر کے دو شہریوں کو زخمی کر کے رقم چھینی تھی قبل ازیں گینگ کے ہمراہی ساتھیوں قبل ازیں گرفتار ہو کر شناخت پریڈ کے لیے جیل میں منتقل ہو چکے ہیں ایس ایچ او تھانہ مندرہ نے کہا یہ گینگ گوجرخان اور مندرہ پولیس کے لیے ایک چیلنج بنا ہوا ہے تھا ملزمان سے مزید سنسنی خیز انکشافات بھاری رقم کی برآمدگی بھی متوقع ہے تابی گینگ کے دو ہمراہی ساتھی اختر اور حامد کو پہلے ہی شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا جاچکا ہے جبکہ گینگ کے سرغنہ آفتاب عرف تابی کے ساتھ گرفتار ہونے والے ملزمان کی شناخت عاطف، عاقب، محسن اور عبدالمجید کے ناموں سے ہوئی ہے گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

بقیہ 53

نے کہا کہ لاہور سے ملنے والے سیمپل میں وائرس کی جینیاتی جانچ تاحال جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وائرس کا افغانستان میں وائرس سے جینیاتی تعلق ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی مسلسل تصدیق وزیر صحت کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔ اس صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیر صحت ڈاکٹر ندیم جان نے کہا کہ وزارت بچوں کو وائرس سے محفوظ رکھنے کے لیے مزید پولیو مہمات کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔

بقیہ 54

شرح 82.43 فیصد تھی جو ستمبر 2023 میں وصولیوں کی شرح بڑھ کر 86.99 فیصد ہوگئی، اگست میں وصولیوں کی شرح 85.49 فیصد، جولائی میں 89.87 فیصد رہی۔ پاور ڈویژن حکام کے مطابق بجلی چوروں کے خلاف ملک بھر میں جاری کارروائیوں کے نتیجے میں اب تک 26 ارب کی وصولیاں کی گئی ہیں۔

بقیہ 55

روپے ہی ادا کیے۔ اس دوران پی ایس او کی جانب سے خود مالی مشکلات میں گھرا ہوا ہونے کے باوجود پی آئی اے کو ایندھن کی سپلائی کی جاتی رہی۔ اب پی ایس او کا کہنا ہے کہ وہ خود مالی بحران کا شکار ہے، پی آئی اے کو واجبات میں سے فوری طور پر ایک ارب 70 کروڑ روپے کی ادائیگی کرنا ہے۔ ادائیگی نہ ہونے پر پی آئی اے کو مختلف ائیر پورٹس پر فیول کی سپلائی بند کرنے پڑ رہی ہے۔ پی ایس او کی جانب سے عدم ادائیگی پر چھوٹے شہروں میں فیول سپلائی بند کردی گئی ہے۔

بقیہ 56

چوری کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیم نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے تین ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے پانچ مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیے گئے، گرفتار ملزمان کی شناخت محمد وقاص، آصف اور محمد حبیب کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے جڑواں شہروں سے موٹر سائیکل چوری کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 57

کہنا ہے کہ بس میں گنجائش سے زیادہ افراد سوار ہونے کے باعث ہلاکتوں میں اضافہ ہوا۔ بس میں گنجائش سے دگنے مسافر سوار تھے۔ 12 زائرین جاں بحق اور 35 زخمی ہوگئے۔ ریاست مہاراشٹرا حکومت کی جانب سے لواحقین کو 2 لاکھ اور زخمیوں کو 50 ہزار بھارتی روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا گیا ہے۔

بقیہ 58

دوسری جانب پی ٹی آئی کو جلسے کی اجازت کے حوالے سے انتظامیہ کا موقف ہے کہ تحریک انصاف کی درخواست کا بغور جائزہ لیا لیکن جلسے کی اجازت ملنا مشکل ہے۔ تحریک انصاف جہاں جلسہ کرنا چاہتی ہے وہاں جلسے کی اجازت دینا ممکن نہیں، تحریک انصاف اگر بڑے گراؤنڈ میں جلسہ کرنا چاہتی ہے تو پھر غور کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 59

ہیں جبکہ فی لیٹر ڈیزل پر آئل مارکیٹنگ کمپنی کا منافع 7 روپے 8 پیسے لاگو ہے، اس وقت فی لیٹر ڈیزل پر ڈیلرز مارجن 7 روپے 82 پیسے وصول کیا جارہا ہے۔

بقیہ 60

میں عاقب اور خان محمد شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ 8 موٹر سائیکل برآمد ہوئے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے صدر بیرونی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، شہریوں کو انکے اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 60

ڈاکٹر زاہد لطیف، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد عثمان ظفر سمیت دیگر ذمہ داران بھی شریک تھے۔ ڈاکٹر حفیظ الرحمن نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت عالمی ادارہ صحت، الخدمت فاؤنڈیشن کے ہیلتھ کیئر پروفیشنلز کی استعداد کار میں اضافہ کرنے کیلئے مدد کرے گا۔

بقیہ 60

ریسورس استعمال کرتے ہوئے ملزم کو چند گھنٹوں میں ٹریس کر کے گرفتار کرلیا۔ ڈی پی او نارووال نے کہا کہ ملزم کی تفتیش میرٹ پر کی جائے گی تاکہ ملزم کو سخت سے سخت سزا دلوائی جاسکے۔

گوجرخان بار کی لائبریری کا افتتاح، ججز کو یادگاری شیڈز پیش

کمپلیکس کی تعمیر کے لئے اقدامات اٹھائیں گے اس خواب کو تعبیر دینگے تاکہ ججز، وکلاء اور سائلین کو ایک چھت تلے تمام سہولیات میسر ہوں

گوجرخان سے تبدیل ہونے ججز کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد ڈسٹرکٹ سیشن جج ملک مشتاق اوجلہ کی بطور مہمان خصوصی شرکت

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان بار ایسوسی ایشن کی جانب سے گوجرخان سے تبدیل ہونے والے ایڈیشنل سیشن جج سعادت حسین ملک اور چوہدری قاسم کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جسکے مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی ملک مشتاق احمد اوجلہ تھے جبکہ حسن رضا پاشا چیئرمین پاکستان بار کونسل ایگزیکٹو کمیٹی، اقبال خان، صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی، شوکت ستی جنرل سیکرٹری ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی نے بھی بطور خاص شرکت کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راولپنڈی ملک مشتاق احمد اوجلہ کے گوجرخان بار ایسوسی ایشن پہنچنے پر ججز ، بار ایسوسی ایشن کے عہدیداران وممبران نے شاندار استقبال کیا اور پولیس کے دستے نے (بقیہ نمبر 32)

ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجرخان میں ڈاکٹرز کی خالی سیٹوں پر تعیناتیاں

ماسوائے نرسری کے ہسپتال میں تمام سہولیات موجود ہیں، ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجرخان میں ڈاکٹرز کی خالی سیٹوں پر ڈاکٹرز کو تعینات کر دیا گیا ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ نے بتایا کہ تمام ڈاکٹرز نے جوائننگ کر لی ہے اور اپنی ڈیوٹیز سرانجام دے رہے ہیں انہوں نے شہریوں کے نام پیغام دیتے ہوئے کہا کہ میں اپکی خدمت گار ہوں یہ عہدے عارضی ہوتے ہیں علاج معالجے میں کسی بھی قسم کی دشواری یا ڈاکٹرز یا سٹاف کا رویہ آپکے ساتھ ٹھیک نہیں یا زچگی کیسز ، یا آپریشن کی صورت میں ڈاکٹر ا یکو راولپنڈی کا کہیں تو پہلے آپ میرے ساتھ رجوع کریں(بقیہ نمبر 33)

تعطیل کے روز چڑیا گھر کے لئے آنے والوں کا رش لگا ہوا ہے

غزہ میں خونریزی کی ذمہ دار اقوام متحدہ اور عالمی طاقتیں ہیں

خاموشی لمحہ فکریہ، دنیا فلسطینیوں کی تباہی کا انتظار کررہی ہے، ایم ساجد عباسی

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اسلام آباد کے چیئرمین وسابق ڈپٹی میئر اسلام آباد و مسلم لیگ(ن) اسلام آباد سٹی کے جنرل سیکرٹری ایم ساجد عباسی نے غزہ میں اسرائیلی دہشتگردی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہاہے کہ جموں و(بقیہ نمبر 35)

کرکٹ میچ پر جوا کھلانیوالے 5 بکی گرفتار

ملزمان ورلڈکپ کرکٹ میچوں کے علاوہ گھوڑوں کی ریس پر بھی جواء کھلاتے ہیں

قبضہ سے 6 موبائل فون، 2 کمپیوٹر، لیپ ٹاپ رجسٹر، چٹھے اور نقدی 22500 روپے برآمد

راولپنڈی(نمائندہ عوامی للکار)وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پاک بھارت کرکٹ میچ پر آن لائن جوا کھلانے والے 5 بکی گرفتار کرلئے، ملزمان ورلڈ کپ کرکٹ میچوں کے علاوہ گھوڑوں کی ریس پر بھی جواء کھلاتے ہیں، ملزمان کے قبضہ سے 6 موبائل فون، 2 کمپیوٹر، لیپ ٹاپ رجسٹر، چٹھے اور نقدی 22500 روپے برآمد کرلئے گئے ۔تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پاک (بقیہ نمبر 36)

شراب سپلائر و ناجائز اسلحہ رکھنے والے 8 ملزمان گرفتار، مقدمات درج

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان کوگرفتار کرلیا، ملزمان سے شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کرلئے گئے۔تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے ملزم حبیب سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، پیرودھائی پولیس نے ملزم ایاز سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، مورگاہ پولیس نے ملزم احسن علی(بقیہ نمبر 34)

چیک ڈس آنر مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) مری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم کوگرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق مری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم نثار احمد کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم 2021 سے راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھا۔ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ اشتہاری مجرمان اور انکے سہولت کاروں کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

750 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی (آج) ہوگی

لاہور(این این آئی) 750 روپے مالیت کے قومی انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی آج (سوموار) 16 اکتوبر کو ہوگی۔مذکورہ قرعہ اندازی کا پہلا انعام 15 لاکھ روپے کا ایک، دوسرے انعام میں 5 لاکھ روپے کی 3 اور تیسرے انعام میں 9300 روپے مالیت کے 1696 انعامات کامیاب خوش نصیبوں میں تقسیم ہوں گے۔

راولپنڈی، پاک بھارت کرکٹ میچ پر آن لائن جواء کھلانے والے پانچ بکی وارث خان پولیس کی حراست میں

پہلی بار سی ای کیٹیگری ٹریلر ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا آغاز

موٹروے پولیس کی طرف سے بین الاقوامی معیار کے مطابق (CE) کیٹگری کے لائسنس کا آغاز انتہائی قابل ستائش ہے

اس لائسنس کی کیٹگری کے حامل افراد کے روزگار سے ملک میں زرمبادلہ میں بھی مزید اضافہ ہوگا، سیکرٹری مواصلات

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے پاکستان میں پہلی دفعہ (CE) کیٹیگری ٹریلر ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔ ڈرائیونگ لائسنس اتھارٹی (HTV) ٹیسٹ سینٹر سنگجانی میں منعقدہ تقریب میں نگران وفاقی وزیر برائے مواصلات شاہد اشرف تارڑ نے (CE) کیٹیگری ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء کر کے باقاعدہ افتتاح(بقیہ نمبر 35)

دھمیال پولیس کی کارروائی، ہوائی فائرنگ کرنیوالے تین ملزمان گرفتار

ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائیگا، ایس پی صدر محمد نبیل کی شاباش

راولپنڈی(نمائندہ عوامی للکار) دھمیال پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنے والے تین ملزمان گرفتار کر کے 233 بور رائفل، 12 بور رائفل، پسٹل اور گولیاں برآمد کرلیں۔تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ کرنے والے تین(بقیہ نمبر 38)

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار

مسروقہ موٹرسائیکل، موبائل فون اور رقم 10000 روپے برآمد

راولپنڈی(نمائندہ عوامی للکار) مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم کوگرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون اور رقم 10000 روپے برآمد کرلئے۔تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم اورلیس کو گرفتار کرلیا، ملزم سے مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون اور رقم 10000 روپے برآمد ہوا۔ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔

پولیس انسداد دہشت گردی ڈیپارٹمنٹ کا آپریشن

12 مشکوک افراد اور 5 موٹرسائیکل کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ کھنہ منتقل

اسلام آباد(رانا فہد سے) اسلام آباد کیپٹل پولیس انسداد دہشگردی ڈیپارٹمنٹ کا تھانہ کھنہ کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشن، سرچ آپریشن کے دوران 12 مشکوک افراد اور 5 موٹرسائیکل کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ کھنہ منتقل کیا گیا جبکہ 2 کلو ہیروئن، 03 پسٹل اور 120 لیٹر شراب برآمد کر لی گئی۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپٹل پولیس کا جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپٹل پولیس انسداد دہشگردی ڈیپارٹمنٹ نے (بقیہ نمبر 41)

لاہور، کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ میں ایک ہنر مند کھڈی قالین تیار کررہا ہے

پاکستان کی چین کو برآمدات میں 100 فیصد اضافہ

ستمبر میں پاکستان کی چین کو برآمدات کی مجموعی مالیت 350.2 ملین ڈالر رہی

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان کی چین کو ستمبر 2023 میں برآمدات میں گزشتہ مالی سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 100.5 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔گوادر پرو کے مطابق ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کی جانب سے جاری کردہ تازہ ترین رپورٹ بتایا گیا کہ ستمبر 2023 میں پاکستان کی چین کو برآمدات کی مجموعی مالیت 350.2 ملین ڈالر رہی جو گزشتہ مالی سال کے اسی مہینے کے دوران 174.7 ملین ڈالر مالیت کی برآمدات کے مقابلے میں 100.5 فیصد زیادہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ستمبر میں دنیا کے تمام شراکت دار ممالک کو پاکستان کی مجموعی برآمدات 2.465 ارب ڈالر ریکارڈ کی(بقیہ نمبر 45)

لوک ورثہ کا سالانہ ''لوک میلہ'' 3 سے 12 نومبر تک اسلام آباد میں منعقد کیا جائیگا

اسلام آباد(این این آئی) لوک ورثہ کا سالانہ ''لوک میلہ'' 3 سے 12 نومبر 2023 تک اسلام آباد میں منعقد کیا جائے گا۔تفصیلات کے مطابق لوک ورثہ کا سالانہ ''لوک میلہ'' 3 سے 12 نومبر 2023 تک اسلام آباد میں منعقد کیا جائے گا۔ میلے کا مقصد پاکستان کے لوک ورثے کو فروغ دینا، ثقافتی نقطہ نظر سے تمام وفاقی اکائیوں کے درمیان قومی ہم آہنگی اور انضمام کو مضبوط(بقیہ نمبر 39)

تاجروں کیخلاف دہشت گردی اور کسٹم ٹیم پر حملے کا مقدمہ درج

کراچی(پینانیوز) طارق روڈ پر شاپنگ سینٹر میں کسٹم کی ٹیم پر حملے کا مقدمہ 23 نامزد سمیت 70 سے زائد ملزمان کے خلاف درج کر کے گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں ۔طارق روڈ پر واقع شاپنگ سینٹر میں کسٹم کے افسران و اہلکاروں پر 14 اکتوبر 2023 کو لاٹھی ڈنڈوں سے حملہ(بقیہ نمبر 40)

ای 12 میں ملزمان پولیس پارٹی پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) تھانہ گولڑہ کے علاقہ ای 12 میں ملزمان پولیس پارٹی پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے ، پولیس اہلکار محفوظ رہے ۔ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق پولیس پارٹی سیکٹر ای 12 میں گشت پر تھی کہ ایک مشکوک کار کو رکنے کا اشارہ کیا۔ترجمان نے کہا کہ کار سوار تین ملزمان نے اچانک پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی اور فرار ہوئے۔ترجمان نے کہا کہ پولیس پارٹی حفاظتی تدابیر کی وجہ سے فائرنگ سے محفوظ (بقیہ نمبر 42)

حماس کے اعلی کمانڈر کو فضائی حملے میں قتل کرنے کی ویڈیو جاری

تل ابیب(پینانیوز) اسرائیل نے حماس حملے کے منصوبہ ساز اعلی کمانڈر کو فضائی حملے میں قتل کرنے کا اعتراف کرتے ہوئے ویڈیو بھی جاری کردی۔اسرائیلی میڈیا کے مطابق ملکی انٹیلی جنس نے حماس کے عزالدین القسام بریگیڈ کی بحری کمانڈوز یونٹ نخبہ فورس کے سربراہ بلال الکیدرا کے غزہ کی پٹی کے جنوب میں واقع شہر خان یونس ٹھکانے کا سراغ لگایا۔اسرائیلی فورسز کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ خان یونس اور مغربی جبالیہ میں 100 سے زائد فوجی اہداف پر فضائی حملے کیے، جن میں حماس کے آپریشنل کمانڈ سینٹرز(بقیہ نمبر 43)

مارکش، وفاقی وزیر خزانہ شمشاد اختر ایس اینڈ پی گلوبل کے وفد سے ملاقات کررہی ہیں

ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کران کے حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی(این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کران کے حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کران کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ایس ایس پی آپریشنز فیصل (بقیہ نمبر 46)

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں، 10 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

ملزم بلال حمید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری، 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 10 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس کا ضلع بھر(بقیہ نمبر 47)

چیئرمین پاکستان دیسی کشتی ندیم پہلوان لاہور چیمبر کے صدر کو علامتی گرز پیش کررہے ہیں

نومنتخب ضلعی جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی امیر افضل کے گھر پولیس کا چھاپہ

سیاسی وسماجی رہنما گھر پر موجود نہ تھے' پولیس کی 86 سالہ بزرگ والدہ سے پوچھ گچھ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پاکستان تحریک انصاف ضلع راولپنڈی کے نومنتخب جنرل سیکرٹری چوہدری محمد امیر افضل کے گھر فتح خان ہاؤس مہوٹہ موہڑہ نزد چک بیلی خان پولیس کی بھاری نفری نے گزشتہ رات ریڈ کیا۔ ریڈ کے دوران چوہدری امیر افضل گھر پر موجود نہیں تھے تاہم پولیس نے انکی 86 سالہ بزرگ والدہ سے پوچھ گچھ کی۔ پی ٹی آئی انصاف سولجر ضلع راولپنڈی کے ایڈیشنل جنرل سیکرٹری زاہد محمود کے مطابق چوہدری امیر افضل خطہ پوٹھوہار رائیکار میرا کی بااثر سیاسی و سماجی شخصیت ہیں جن کی خدمات سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ پاکستان کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے پہلے بھی پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ مستقل مزاجی کے ساتھ کھڑے تھے اور آئندہ بھی کھڑے رہیں گے۔ اختلاف رائے جمہوریت کا بہترین حسن ہوتا ہے جس سے ملکی تعمیروترقی کی بہترین راہیں نکلتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کی سربلندی اور عوام کی خوشحالی کیلئے آئندہ بھی کوشاں رہیں گے۔

پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک کیا اور ہدایات دیں

راولپنڈی(نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں۔تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس آفیسر راولپنڈی سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر تعینات اہلکاروں کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق ہدایات دیں۔سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی نے کہا کہ عبادت کے لیے گرجا گھروں میں(بقیہ نمبر 48)

گرجا گھروں کے باہر پولیس اہلکار ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

راولپنڈی ، پولیس کی کارروائی، 2 اشتہاری ملزم گرفتار

قتل اور اقدام قتل کے مقدمہ میں ملوث اشتہاری مجرم کفایت عرف جانی شاہ کو گرفتار کرلیا

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل اور اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری سمیت 2 اشتہاری مجرمان کوگرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل اور اقدام قتل کے مقدمہ میں ملوث اشتہاری مجرم کفایت عرف جانی شاہ کو گرفتار کرلیا ، اشتہاری مجرم کفایت عرف جانی شاہ نے مئی 2023 میں اپنے والد اور بہن کے ساتھ مل کر بہنوئی کے ایک بھائی کو قتل اور دیگر 2 بھائیوں کو زخمی کردیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں تھانہ ٹیکسلا میں درج کیا گیا تھا، واقعہ میں ملوث 2 ملزمان قبل ازیں گرفتار ہوکر چالان ہوچکے ہیں ،صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم محمد نثار کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم گزشتہ سال سے صادق آباد پولیس کو مطلوب تھا۔(بقیہ نمبر 49)

اشتہاری مجرمان راولپنڈی پولیس کی حراست میں

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 13 گرفتار

ملزمان سے 13 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی(نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 13 ملزمان کوگرفتار کرلیا، ملزمان سے 13 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔تفصیلات کے مطابق سول لائن پولیس نے ملزم ارسلان سے 2 کلو 200 گرام چرس، ملزم عدنان سے 1 کلو 260 گرام چرس، ملزم عاصم نعمان سے 560 گرام چرس، ملزم عمران سے 580 گرام چرس(بقیہ نمبر 50)

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف کارروائی، 10 گرفتار

ملزمان سے 80 لیٹر شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی(نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے 80 لیٹر شراب اور اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ائیرپورٹ پولیس نے ملزم اردن سوشیل (بقیہ نمبر 51)

ایڈیٹر انچیف۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

تابی ڈکیت گینگ کا سرغنہ آفتاب عرف تابی ساتھیوں سمیت گرفتار

28 لاکھ روپے نقدی 5 مسروقہ موٹر سائیکلز اسلحہ برآمد ملزمان سے مزید سنسنی انکشافات اور بھاری رقم کی برآمدگی متوقع

گینگ گوجرخان اور مندرہ پولیس کے لیے چیلنج بنا ہوا تھا CPO راولپنڈی کی SP صدر اور پولیس تھانہ مندرہ کو شاباش

گوجرخان (قمر شہزاد) ڈکیت تابی گینگ پولیس تھانہ مندرہ کی گرفت میں گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار 28 لاکھ نقدی موٹرسائیکلز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہمراہی دو ساتھی قبل ازیں گرفتار کر کے شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل ہو کیے گے سنسنی خیز انکشافات اور مزید بھاری رقم کی برآمدگی متوقع پولیس تھانہ مندرہ کی اس کامیابی پر سی پی او راولپنڈی نے ایس پی (بقیہ نمبر 52)

تین اضلاع سے لئے گئے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی مسلسل تصدیق وزیر صحت کے لیے لمحہ فکریہ ہے، ترجمان

اسلام آباد (پینانیوز) قومی وزارت صحت نے کہا ہے کہ ملک کے تین مختلف اضلاع سے لیے گئے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ترجمان وزارت صحت نے کہا ہے کہ حب اور پشاور سے لیے گئے نمونوں میں وائرس پایا گیا۔انہوں(بقیہ نمبر 53)

بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں کے مثبت نتائج آنے لگے

ستمبر میں وصولیوں کی شرح بڑھ کر 87 فیصد کے قریب پہنچ گئی

لاہور(این این آئی) حکومت کی جانب سے بجلی چوروں کے خلاف کارروائیوں کے مثبت نتائج آنے لگے۔پاور ڈویژن کے مطابق بجلی بلوں کی وصولیوں میں ریکارڈ اضافہ جبکہ بجلی چوری میں نمایاں کمی ہوگئی ہے، اعلامیے کے مطابق ستمبر میں وصولیوں کی شرح بڑھ کر 87 فیصد کے قریب پہنچ گئی۔ترجمان کے مطابق ستمبر 2022 میں وصولیوں کی (بقیہ نمبر 54)

پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کے خلاف احتجاج کیا جارہا ہے

بجلی چوری کے خلاف مہم کے اچھے نتائج آنے لگے، سیکرٹری پاور ڈویژن

اسلام آباد (این این آئی) سیکریٹری پاور ڈویژن راشد لنگڑیال نے کہا ہے کہ بجلی چوری کے خلاف مہم کے اچھے نتائج آنے لگے ہیں۔ایک بیان میں سیکرٹری پاور ڈویژن راشد لنگڑیال نے کہا کہ بلنگ بہتر ہوگئی، وصولیوں میں اضافہ اور چوری میں کمی ہوئی۔ راشد لنگڑیال نے کہا کہ ستمبر 2023ء میں وصولیاں 86.99 فیصد رہیں جبکہ ستمبر 2022ء میں وصولیاں 82.43 فیصد تھیں۔انہوں نے بتایا کہ ستمبر 2023ء میں بجلی چوری 1.46 فیصد رہی اور ستمبر 2022ء میں بجلی چوری 2.93 فیصد تھی۔

گلگت، موٹر سائیکل سوار 2 سیاح نالے میں گر کر جاں بحق

گلگت (این این آئی) گلگت میں دو موٹر سائیکل سوار سیاح نالے میں گر کر جاں بحق ہوگئے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق حادثہ نلتر بالا کے قریب پیش آیا۔حکام کے مطابق مرنے والوں میں سے ایک سیاح کا تعلق کراچی اور دوسرے کا فیصل آباد سے ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس نے ریسکیو اہلکاروں کی مدد سے لاشیں نکلوا کر ہسپتال منتقل کردیں۔

پاکستان ائیرلائنز کی تمام چھوٹے شہروں میں فلائٹس بند

پاکستان کی نیشنل فلیگ کیریئر پی آئی اے نے پاکستان سٹیٹ آئل کو وعدے کے مطابق ادائیگی نہیں کی

اسلام آباد(بیوروچیف) پاکستان کی نیشنل فلیگ کیریئر پی آئی اے نے پاکستان سٹیٹ آئل کو وعدے کے مطابق ادائیگی نہیں کی جس کے نتیجہ میں پاکستان سٹیٹ آئل نے ایک بار پھر پی آئی اے کو مختلف ائیر پورٹس پر فیول کی سپلائی بند کردی ہے۔ پی آئی اے کے چھوٹے شہروں میں فلائٹ آپریشنز بند ہو گئے، انٹرنیشنل اور ڈومسٹک فلائٹس بھی ایک بار پھر بند ہونے کا خطرہ پیدا ہو گیا۔ذرائع کے مطابق پی آئی اے نے ایندھن کی سپلائی کی مد میں پاکستان سٹیٹ آئل کو فوری طور پر دو ارب روپے ادا کرنا ہیں۔ وعدے کے باوجود پی آئی اے نے رواں ہفتے اب تک صرف 62 کروڑ 50 لاکھ(بقیہ نمبر 55)

موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان پولیس کی حراست میں

موٹرسائیکل چوری میں ملوث گروہ کے تین ارکان گرفتار

گرفتار ملزمان کا جڑواں شہروں سے متعدد موٹرسائیکل چوری کرنے کا انکشاف

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد کیپٹل پولیس تھانہ کراچی کمپنی پولیس ٹیم نے موٹرسائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے تین ارکان کوگرفتار کرلیا، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے جڑواں شہروں سے متعدد موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 56)

ن لیگ کو مینار پاکستان گراؤنڈ میں جلسہ کرنے کی اجازت مل گئی

اجازت کے این او سی کے ساتھ 39 نکات پر مشتمل ایس او پیز اور ضابطہ اخلاق بھی جاری

لاہور(این این آئی) ضلعی انتظامیہ نے مسلم لیگ (ن) کو 21 اکتوبر کو مینار پاکستان گراؤنڈ میں جلسہ کرنے کی اجازت دیدی۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جلسے کی اجازت کے این او سی کے ساتھ 39 نکات پر مشتمل ایس او پیز اور ضابطہ اخلاق بھی جاری کیا گیا۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کمیٹی کا اجلاس آئندہ دو روز میں ہوگا ۔(بقیہ نمبر 58)

سیلانی درگاہ کے زائرین کی بس کو حادثہ؛ 12 جاں بحق

نئی دہلی(پینانیوز) بھارتی ریاست مہاراشٹرا میں معروف سیلانی درگارہ سے واپس جانے والی زائرین کی بس ٹرک سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں 12 زائرین جاں بحق اور 23 زخمی ہوگئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ریاست مہاراشٹرا کے ضلع بلڈھانہ کے سمردھی ایکسپریس وے میں خوفناک ٹریفک حادثہ پیش آیا۔ جس میں ایک تیز رفتار بس ڈرائیور سے بے قابو ہوکر ٹرک سے ٹکرا گئی۔ عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ بس تیز رفتاری کے باعث ڈرائیور سے بے قابو ہوکر سامنے سے آنے والے ٹرک سے ٹکرا گئی۔ ہلاک اور زخمی ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔پولیس کا (بقیہ نمبر 57)

منشیات فروش راولپنڈی پولیس کی حراست میں

آئل کمپنیوں اور ڈیلرز کا منافع مزید بڑھنے کا امکان

16 اکتوبر سے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور ڈیلرز کے منافع میں 88 پیسے فی لیٹر اضافے کی تجویز ہے، ذرائع

فی لیٹر پیٹرول پر آئل مارکیٹنگ کمپنیاں 6 روپے 94 پیسے منافع لے رہی ہیں، فی لیٹر پیٹرول پر ڈیلرز 7 روپے 82 پیسے منافع لے رہے ہیں

اسلام آباد(حاجی ندیم سے) پیٹرول اور ڈیزل پر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور ڈیلرز کا منافع مزید بڑھنے کا امکان ہے۔ذرائع کے مطابق 16 اکتوبر سے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں اور ڈیلرز کے منافع میں 88 پیسے فی لیٹر اضافے کی تجویز ہے۔ذرائع پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے منافع میں 47 پیسے فی لیٹر اضافے کی تجویز ہے جبکہ پیٹرول اور ڈیزل پر ڈیلرز منافع میں فی لیٹر 41 پیسے اضافے کی تجویز ہے۔ذرائع کے مطابق او ایم سی اور ڈیلرز مارجن 16 ستمبر اور یکم اکتوبر کو بھی بڑھایا جا چکا ہے۔ذرائع کے مطابق اس وقت فی لیٹر پیٹرول پر آئل مارکیٹنگ کمپنیاں 6 روپے 94 پیسے منافع لے رہی ہیں، فی لیٹر پیٹرول پر ڈیلرز 7 روپے 82 پیسے منافع لے رہے(بقیہ نمبر 59)

راولپنڈی، صدر بیرونی پولیس کی کارروائی، 8 موٹر سائیکل برآمد

موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان گرفتار کرلئے گئے

راولپنڈی(نمائندہ عوامی للکار) صدر بیرونی پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کوگرفتار کر کے چوری شدہ 8 موٹرسائیکل برآمد کرلئے۔تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹرسائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کوگرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان (بقیہ نمبر 60)

صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر تجارتی میلے کی سلور جوبلی میں سٹال کا معائنہ کررہے ہیں

غزہ میں خونریزی کی ذمہ دار اقوام متحدہ اور عالمی طاقتیں ہیں

خاموشی لمحہ فکریہ، دنیا فلسطینیوں کی تباہی کا انتظار کررہی ہے، ایم ساجد عباسی

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اسلام آباد کے چیئرمین وسابق ڈپٹی میئر اسلام آباد و مسلم لیگ(ن) اسلام آباد سٹی کے جنرل سیکرٹری ایم ساجد عباسی نے غزہ میں اسرائیلی دہشتگردی کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر کی طرح فلسطین میں بھی مسلمانوں کے ساتھ غیر انسانی سلوک روا رکھا جا رہا ہے، مساجد کی بے حرمتی اور معصوم لوگوں پر تشدد کیا جارہا ہے، اسرائیل نے فلسطین میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا ایک نیا سلسلہ شروع کررکھا ہے، عالمی برادری کو جارح اسرائیل کے ہاتھوں مظلوم فلسطینیوں کی حالت زار پر نوٹس لینا چاہئے۔

الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان اور عالمی ادارہ صحت کے درمیان اہم معاہدہ

راولپنڈی (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان اور عالمی ادارہ صحت کے درمیان اہم معاہدہ، صدر الخدمت پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن اور نمائندہ عالمی ادارہ صحت ڈاکٹر پالیتھا مہیپالا نے بنیادی صحت کی سہولیات میں باہمی تعاون کے معاہدے پر دستخط کیے۔ معاہدے کا مقصد بنیادی صحت بالخصوص ماں اور بچے کی صحت، غذائیت، ذہنی صحت اور ہنگامی ردعمل کے شعبوں میں خدمات تک رسائی بڑھانے اور مضبوط بنانے کے لیے باہمی تعاون ہے۔تقریب میں چیئرمین الخدمت ہیلتھ فاؤنڈیشن پاکستان (بقیہ نمبر 61)

نارووال، پولیس نے پانچ سالہ یتیم بچی کے ساتھ زیادتی کے ملزم کو گرفتار کرلیا

نارووال (این این آئی) پولیس نے پانچ سالہ یتیم بچی کے ساتھ زیادتی کے ملزم کوگرفتار کر لیا۔ بتایا گیا ہے کہ نواحی گاؤں فلیز پور میں کمسن بچی گھر سے دکان پر گئی تو ملزم شرافت اسے بہانے سے گھر لے گیا اور جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا، بچی کے شور پر اہل علاقہ اکھٹے ہوگئے تو ملزم فرار ہوگیا۔ڈی پی او نارووال رانا طاہر رحمٰن خاں نے فوری طور پر واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی صدر نارووال کی نگرانی میں ٹیمیں تشکیل دے کر ملزم کی جلد از جلد گرفتاری کا ٹاسک دیا۔ایس ایچ او تھانہ احمد آباد نے جدید ٹیکنالوجی کے ذرائع اور ہیومن(بقیہ نمبر 62)